عنوان مقدمہ: محمد اصغر متوفی بقائمی وارثان بنام نور محمد۔ اپیل۔ اخبار اشتہار بنام نور محمد ولد اللہ یار متوفی وارثان بازگشت منظور ولد اللہ یار، اللہ دتہ ولد اللہ یار /مدعی، موندراں بی بی دختر اللہ یار زوجہ نیامت خان، عنائیتاں بی بی دختر اللہ یار زوجہ محمد رمضان اقوام لکھانہ سیال سکنائے چک نمبر 458 ج ب تحصیل وضلع جھنگ۔ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن مدعا علیہان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 06-02-2025 اصالتاً حاضر عدالت بوقت 09:00 بجے ہوں ورنہ یکطرفہ کاروائی ہوگی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگی۔

صفحہ 2
بولتے شہر

لاہور میں جشن ولادت امام حسینؓ کی تقریب کا انعقاد

امام حسین رضی اللہ عنہ کی زندگی ہمارے لئے مشعل راہ: ندیم بٹ کی بات چیت

لاہور (کائی نیوز) تین شعبان امام حسین کی ولادت کا دن اور چار شعبان حضرت غازی عباس کی شہادت کا دن ہے۔ اسی مناسبت سے لاہور میں جشن اہل بیت کی مناسبت سے راوی روڈ پر ایک عظیم الشان تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں عصر کی نماز کے بعد ولادت غازی عباس کا کیک کاٹا گیا اور مغرب کی نماز کے بعد ولادت امام حسین کا کیک کاٹا گیا۔ تقریب میں معروف سماجی رہنما حاجی ندیم احمد بٹ حاجی بشیر احمد اور محمد اکرم نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب کی مناسبت سے حاجی بشیر احمد بٹ نے کائی نیوز کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے بتایا کہ تین اور چار شعبان کا دن عالم اسلام کے لیے خوشیوں اور مسرتوں اور مبارکوں کا مہینہ ہے کیونکہ اس مہینے دو عظیم شخصیات روئے زمین پر گھرانہ علی المرتضی رضی اللہ عنہ میں ولادت پا کر دنیا عالم اسلام میں عظیم الشان مرتبہ حاصل کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ شہنشاہ وفا حضرت عباس کی اسلام کے لیے خدمات اور امام حسین علیہ السلام کی اسلام کی بقا کے لیے خدمات اور شہادت ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ تقریب میں عشاء کی نماز کے بعد بڑی تعداد میں شریک ہونے والے مہمانوں کے لیے عشائیہ دیا گیا، تقریب کے اختتام پر ملک کی سلامتی اور خود مختاری کے لیے دعا مانگی گئی۔

بعدالت جناب فرزانہ وسیم صاحبہ

سول جج فیملی کورٹ عارف والا

دعویٰ: تنسیخ نکاح، بعنوان: ثمینہ بی بی بنام غلام حسین' اشتہار بنام: غلام حسین ولد محمد یوسف قوم بھٹی سکنہ عاکو کا ہٹھار تحصیل وضلع بہاولنگر۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 08-02-2025 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب AC.1 شکرگڑھ

دعوی لگان۔ عنوان: جعفر حسین بنام لیاقت علی۔ اشتہار بنام لیاقت علی ولد محمد اسحاق قوم گوجر ساکن کوہلیاں تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال۔۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 06-02-25 کو صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً دفتر آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کرے بصورت دیگر حسب ضابطہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب AC.1 شکرگڑھ

دعوی بید خلی۔ عنوان: جعفر حسین بنام لیاقت علی۔ اشتہار بنام لیاقت علی ولد محمد اسحاق قوم گوجر ساکن کوہلیاں تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال۔۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 06-02-25 کو صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً دفتر آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کرے بصورت دیگر حسب ضابطہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب عاشی عظمت صاحبہ

سول جج درجہ اوّل تاندلیانوالہ

درخواست حصول سرٹیفکیٹ ولایت'

بعنوان: رضیہ بی بی دختر ظفر علی بیوہ علی محمد قوم بلوچ سکنہ چک نمبر 408 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ 21 فروری 2025 کو صبح 9 بجے حاضر عدالت آکر پیروی مقدمہ کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور بعد میں کوئی عزر قابل سماعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب علیم ضیاء صاحب

جج فیملی کورٹ بورے والا

دعویٰ: تنسیخ نکاح' بعنوان: صباء بنام محمد عدیل ولد محمد صدیق سکنہ شادی پورہ روڈ لاہور۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 07-02-2025 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب مس تہمینہ یاسمین صاحبہ

جج فیملی کورٹ بہاولنگر

دعویٰ: تنسیخ نکاح، بعنوان: رضیہ بی بی بنام محمد اشرف' اشتہار بنام: محمد اشرف ولد محمد سلطان قوم جوئیہ سکنہ کاٹ میکے نزد نہر 3/R ڈاکخانہ ڈونگہ بونگہ تحصیل وضلع بہاولنگر۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر مورخہ 04-02-2025 کو حاضر عدالت آکر پیروی مقدمہ کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

سود: اللہ تعالیٰ اور رسول اکرم ﷺ سے اعلانِ جنگ

ارشادِ ربانی:۔ ☆مگر جو لوگ سود کھاتے ہیں ان کا حال اس شخص کا سا ہوتا ہے جسے شیطان نے چھو کر دیوانہ کر دیا ہو (البقرۃ:275)

☆اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور جو کچھ تمہارا سود میں سے باقی رہ گیا ہے، اسے چھوڑ دو، اگر واقعی تم ایمان لائے ہو۔ لیکن اگر تم نے ایسا نہ کیا تو آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے تمہارے خلاف اعلانِ جنگ ہے۔ اب بھی توبہ کر لو (اور سود چھوڑ دو) تو اپنا اصل سرمایہ لینے کے تم حقدار ہو۔ نہ تم ظلم کرو نہ تم پر ظلم کیا جائے۔ (البقرۃ:79-278)

فرمانِ نبوی ﷺ

☆سود مال کو گھٹاتا ہے اور صدقہ مال کو بڑھاتا ہے۔ (ابن ماجہ)

☆سات ہلاک کرنیوالی باتوں سے دُور رہو، ان میں سے ایک سود ہے۔ (بخاری)

☆رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے سود لینے والے پر، سود دینے والے پر، اس کے گواہ پر اور اس کے لکھنے والے پر۔ (ابوداؤد)

☆نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو بھی سوُد (کا لین دین) زیادہ کرتا ہے اس کا انجام مال کی کمی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ (ابن ماجہ)

سوُد

آئیے سود کیخلاف مہم میں ہمارا ساتھ دیں
منجانب: تحریک انسداد سود
insdadesood@gmail.com

بقیہ 1

موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا کہ آپ سب میری طاقت اور عزت ہیں، الحمدللہ، عوام کی مشکلات میں کمی آ رہی ہے، مریم نواز شریف کی محنت سے پنجاب میں بہتری نظر آ رہی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ پنجاب واحد صوبہ ہے جہاں روٹی 12 سے 14 روپے میں مل رہی ہے، ہماری کارکردگی پر سب سے بڑا چیک عوام اور نواز شریف ہیں۔ دوران ملاقات ارکان اسمبلی نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز نے نواز شریف اور شہباز شریف کے دور اور کارکردگی کی یاد تازہ کر دی ہے، سیاسی تعصبات سے پاک شفافیت اور میرٹ پر ترقیاتی کاموں کی تکمیل خوش آئند اور مثبت سیاسی روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سستی اور وافر کھاد کی دستیابی پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف مبارک اور شاباش کی مستحق ہیں۔ ارکان اسمبلی کا کہنا تھا کہ کسان کارڈ کی وجہ سے آڑھتیوں سے چھٹکارا ملنے پر کاشتکار خوشحال ہوا، صحت کے پورے نظام کی بہتری، مفت ادویات اور گھر کی دہلیز پر علاج، ہونہار سکالرشپ کی فراہمی اور ستھرا پنجاب کی سکیمیں قابل تحسین ہیں، اجتماعی شادیوں کے ''دھی رانی پروگرام'' کو عوام میں بہت پذیرائی ملی ہے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے راولپنڈی رنگ روڈ دسمبر تک مکمل کرنے کی ہدایت کی جبکہ راولپنڈی اور گوجرانوالہ ڈویژن کے ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل کرنے کا بھی حکم دیا۔

بقیہ 2

بڑھتی مقبولیت سے کچھ لوگ خوفزدہ ہیں۔ اپنے ایک بیان میں وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ مریم نواز اپنی کارکردگی سے لوگوں کے دلوں میں جگہ بنا رہی ہیں، جن کو مریم نواز کے ساتھ مقابلے کا شوق ہے وہ ان کے جیسی کارکردگی بھی دکھائیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی تاریخ میں مریم نواز پہلی وزیراعلیٰ ہیں جنہوں نے 80 سے زیادہ منصوبے ایک سال میں شروع کیے، مریم نواز کی حکومت 50 سے زیادہ منصوبے مکمل کر چکی ہے، باقی حکومتوں کے ترجمانوں کا کام صرف پنجاب کے منصوبوں میں کیڑے نکالنا ہے۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ مریم نواز اپنے طرز حکومت اور گڈ گورننس کی وجہ سے باقی صوبوں میں بھی مقبول ہو رہی ہیں، مریم نواز کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے کچھ لوگ خوفزدہ ہیں، جب آپ مسلسل کئی سالوں سے اقتدار میں رہنے کے بعد بھی ڈلیور نہیں کریں گے تو لوگ کام کرنے والی وزیراعلیٰ کو ہی پسند کریں گے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ میاں نواز شریف کی لیڈرشپ میں وفاق اور پنجاب کی حکومتیں کارکردگی کی نئی مثالیں قائم کر رہی ہیں، 2025 پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کا سال ہوگا۔

بقیہ 3

کیا، جس میں بڑی تعداد میں مرد، خواتین، اور نوجوانوں نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کے خلاف نعرے لگائے اور عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت دلانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ مظاہرین نے پاکستان اور کشمیر کے جھنڈے اٹھا رکھے تھے اور "کشمیر بنے گا پاکستان" جیسے نعرے بلند کیے۔ ریلی میں مختلف سیاسی، سماجی، اور مذہبی جماعتوں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے بھارت کے غیر قانونی قبضے، انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں، اور کشمیری عوام پر جاری مظالم کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور وہ جلد آزادی حاصل کریں گے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) فرانس کے رہنما چوہدری ریاض پاپا، طلعت محمود چوہان، رانا محمود علی خان سمیت دیگر کمیونٹی رہنماؤں نے بھی ریلی میں شرکت کی اور کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔ یہ پرامن ریلی پیرس میں مقیم پاکستانی اور کشمیری کمیونٹی کے اتحاد اور یکجہتی کا مظہر تھی، جس کا مقصد عالمی برادری کو مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے متحرک کرنا اور بھارت کے مظالم کو بے نقاب کرنا تھا۔

بقیہ 4

گردی واقعے میں زخمی سکیورٹی فورسز کے جوانوں کی عیادت کی۔ وزیر اعظم شہباز شریف ایک روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچے جہاں انہوں نے سی ایم ایچ کوئٹہ میں قلات و بلوچستان کے دیگر اضلاع میں دہشتگردوں سے بہادری سے لڑتے ہوئے زخمی ہونے والے سکیورٹی فورسز کے اہلکاروں کی عیادت کی اور ان کے ملک کی خاطر قربانی کے جذبے اور وطن کی حفاظت کے غیر متزلزل عزم کو سراہا۔ زخمی جوانوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم کا کہنا تھا کہ آپ سب قوم کے ہیروز ہیں۔

بقیہ 5

ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق ساہیوال میں قومی شاہراہ پر دولہا کی کار درخت سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں دولہا اور دلہن موقع پر ہی جاں بحق جبکہ 3 افراد زخمی ہوگئے۔ حکام کا کہنا ہے کہ بارات سندھ سے پتوکی واپس آرہی تھی کہ دولہا کی گاڑی کے ڈرائیور کو نیند آنے کے باعث حادثہ پیش آیا۔ پولیس کے مطابق نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 6

سطح کم آئی ہے۔ ہسپتال ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ امریکی خاتون اونیجا جناح ہسپتال کے شعبہ نفسیات کے سپیشل وارڈ میں زیر علاج ہیں، خاتون کی رپورٹ میں ہیموگلوبن کی سطح کم آئی ہے۔ ہسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈاکٹرز نے خاتون کا بلڈ ٹرانسفیوژن تجویز کر دیا ہے، خاتون کچھ معاملات میں تعاون کرتی ہیں اور کچھ میں نہیں

بقیہ 7

ہے؟۔ سپریم کورٹ میں جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ نے سویلین کے ملٹری ٹرائل کیس کی سماعت ہوئی، جسٹس (ر) جواد ایس خواجہ کے وکیل خواجہ احمد حسین نے دلائل دیتے ہوئے موقف اپنایا کہ سویلنز کا کورٹ مارشل کسی صورت نہیں ہو سکتا، فوجی عدالتوں کا طریقہ کار شفاف ٹرائل کے تقاضوں کے برخلاف ہے۔ وکیل نے مزید کہا کہ سپریم کورٹ کے تمام 5 ججز نے فوجی عدالتوں میں ٹرائل کے طریقہ کار کے شفاف ہونے سے اتفاق نہیں کیا، جسٹس حسن اظہر رضوی نے استفسار کیا کہ کیا دھماکا کرنے والے اور عام شہریوں میں کوئی فرق نہیں ہے؟ خواجہ احمد حسین نے کہا کہ میں کسی دہشت گرد یا ملزم کے دفاع میں دلائل نہیں دے رہا، سویلنز کا کورٹ مارشل ممکن ہوتا تو 21 ویں ترمیم نہ کرنا پڑتی، جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ 21 ویں ترمیم میں تو کچھ جرائم آرمی ایکٹ میں شامل کیے گئے تھے۔ وکیل نے کہا کہ اگر آرمی ایکٹ میں ترمیم سے کورٹ مارشل ممکن ہوتا تو آئینی ترمیم نہ کرنی پڑتی، اس طرح کورٹ مارشل ممکن ہے تو عدالت کو قرار دینا پڑے گا کہ 21 ویں ترمیم بلاوجہ کی گئی، 21 ویں ترمیم میں آرٹیکل 175 میں بھی ترمیم کی گئی، فوجی عدالتوں میں فیصلے تک ضمانت کا کوئی تصور نہیں۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ 15 دن میں فیصلہ ہو جائے تو ضمانت ہونا نہ ہونا سے کیا ہوگا، خواجہ احمد حسین نے کہا کہ فوجی عدالتوں میں اپیل کسی آزاد فورم پر جاتی ہے نہ مرضی کا وکیل ملتا ہے۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ ملزم کے حقوق ہوتے ہیں، گرفتاری سے پہلے بھی سزا کے بعد بھی، جسٹس جمال مندوخیل نے کہا سب فیصلے ہمارے سامنے ہیں، ہمیں پتا ہے کہ یہ ٹھیک ہے۔

بقیہ 8

پہلی خاتون منیجر مقرر کیا گیا ہے۔ سوات کے علاقے میں فرنٹیئر کانسٹیبلری کی تجربہ کار حنا منور کو چیمپیئنز ٹرافی اور پاکستان کی سہ ملکی سیریز کے لیے منیجر مقرر کیا گیا ہے جو 19 فروری سے کراچی میں شروع ہوگی۔ حنا منور سول سپیریئر سروسز کا امتحان مکمل کرنے کے بعد سکیورٹی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مختلف عہدوں پر فائز رہ چکی ہیں، گزشتہ سال پی سی بی میں شمولیت کے علاوہ حنا منور کو ایشیا کپ جانے والی پاکستان ویمنز انڈر 19 سکواڈ کا منیجر بھی نامزد کیا گیا تھا۔ حنا منور اب بھی پاکستان پولیس سروس میں ملازم ہیں۔

بقیہ 9

ساتھ کھڑے ہیں۔ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیر ایشو کا حل چاہتے ہیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا مسئلہ کشمیر اور مسئلہ فلسطین دونوں سلگتے ہوئے ایشوز ہیں۔ دنیا کی توجہ اس وقت مسئلہ فلسطین کی جانب تو ہے لیکن مسئلہ کشمیر پر وہ توجہ نہیں دی جا رہی انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا گھناونا کھیل کھیلا جارہا ہے۔ کشمیر کے میدان قبرستان بن چکے ہیں وہاں نہ انٹرنیٹ نہ میڈیا کی رسائی ہے نہ انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں کو وہاں جانے دیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی خواہش ہے کہ کسی طرح سے کشمیر میں ہندو اور دیگر قوموں کو آباد کر کے مسلم اکثریت کا خاتمہ کیا جائے۔

بقیہ 10

میگا انٹرنیشنل باکسنگ ایونٹ یو ڈبلیو پروموشن کے تعاون سے منعقد کیا گیا۔ پاکستان، افغانستان، تنزانیہ، تھائی لینڈ اور انڈونیشیا کے باکسر مقابلے کے لیے رنگ میں اترے۔ ایونٹ کا سب سے بڑا مقابلہ پاکستانی باکسر عثمان وزیر اور تنزانیہ کے باکسر البانو کلایمنٹ کے درمیان تھا، جہاں عثمان وزیر فاتح قرار پائے۔ ڈبلیو بی او کے یوتھ چیمپئن، ڈبلیو بی سی کے مڈل ایسٹ چیمپئن اور ڈبلیو بی اے کے ایشین چیمپئن عثمان وزیر کی یہ لگاتار 15 ویں فتح ہے۔

بقیہ 11

ہندوستان آج دنیا کا سب سے بڑا انتہا پسند ملک بن چکا ہے، مودی کی مسلم کش پالیسیوں کی بنا پر آج مقبوضہ کشمیر دنیا کی سب سے بڑی جیل بنا ہوا ہے، مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہی حل کیا جائے ان خیالات کا اظہار ناظم مسلم سٹوڈنٹس آرگنائزیشن شمالی پنجاب عمیر احمد مکی نے یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے جاری بیان میں کیا انکا مزید کہنا تھا کہ 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کو مسلم سٹوڈنٹس آرگنائزیشن عزم آزادی کشمیر کے عنوان سے منائے گی ملک بھر میں عزم آزادی کشمیر طلبہ ریلیز اور سیمینارز کا انعقاد کیا جائیگا‘ انکا مزید کہنا تھا کہ 5 فروری کا دن کشمیریوں کی جدوجہد آزادی اور قربانیوں کیلئے اظہار یکجہتی کا دن ہے، کشمیر میں بڑھتی ہوئی بھارتی بربریت، ظلم وستم اور انسانی حقوق کی بدترین پامالی سے بھارت کا مکروہ چہرہ دنیا بھر میں عیاں ہوا ہے۔ انکا مزید کہنا تھا کہ ایم ایس او پاکستان کا ہر کارکن کشمیر کی آزادی اور پاکستان کے استحکام کے لئے جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں، ایم ایس او پاکستان مظلوم کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی میں ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور آزادی کے حصول تک کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 12

کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس کا تعلیمی اداروں کے گردونواح اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، اس دوران 9 کارروائیوں میں 10 ملزمان کو گرفتار کر کے 2 کروڑ سے زائد مالیت کی 12.636 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی۔ کراچی میں یونیورسٹی کے قریب ملزم سے 500 گرام چرس برآمد کر لی گئی، جس نے تعلیمی اداروں کے طلبہ کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا ہے۔ لاہور انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر 2 مختلف کارروائیوں میں مسقط جانے والے 2 غیر ملکی باشندوں کے پیٹ سے 69 کوکین بھرے کیپسولز برآمد کر لیے۔ اسی طرح کراچی میں کوریئر آفس کے ذریعے نیوزی لینڈ بھیجے جانے والے پارسل سے 570 گرام آئس برآمد کی گئی۔ لاہور میں کیولری گراونڈ مسعود انواری روڈ لاہور کے قریب گاڑی سے 2.1 کلو آئس برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔

بقیہ 13

کی انسداد دہشتگردی عدالت میں 9 مئی مقدمات کی سماعت ہوئی، زرتاج گل عدالت پیش نہ ہوئی، پی ٹی آئی رہنما کے وکیل نے عدالت پیش ہو کر حاضری مکمل کرائی۔ عدالت نے زرتاج گل اور خیال احمد کاسترو پر پولیس وین کو جلانے، توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کیس میں فرد جرم عائد کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 6 فروری تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 14

طلاق یافتہ اور ذہنی مریضہ تھی گزشتہ روز 13 سالہ بیٹے کے ساتھ چیک اپ کے لیے گنگارام ہسپتال آئی اور ہسپتال میں مختلف جگہوں پر گھومتی رہی۔ تقریبا ساڑھے تین کے قریب گنگارام رام کے ایف جے بلاک کے دوسری منزل پر کھڑکی پر کھڑی دکھائی دی اور اچانک کود گئی۔ صائمہ گرتے ہی موقعہ پر جاں بحق ہوگئی جس کے بعد پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج قبضہ میں لیکر تحقیقات کا آغاز کر دیا۔ دوسری جانب صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے سر گنگارام ہسپتال لاہور کی دوسری منزل سے گر کر خاتون کے جاں بحق ہونے کے واقعہ کی تحقیقات کا حکم دے دیا۔ واقعہ کی تحقیقات کیلئے وائس چانسلر اور ایم ایس کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ تحقیقات کے بعد حقائق سامنے رکھے جائیں گے۔

بقیہ 15

گھر کے گیٹ کے قریب پہنچا تھا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر دی جس سے نوید موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے لاش کو پوسٹمارٹم کے لئے مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔ ایس پی صدر غیور احمد کے مطابق قتل ہونے والا شخص بچوں کو سکول چھوڑ کر گھر آ رہا تھا، مقتول پیشہ کے اعتبار سے ایڈووکیٹ تھا، واقعہ ذاتی رنجش کا شاخسانہ لگ رہا ہے۔ واقعہ کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات کر رہے، جلد ملزمان قانون کے کٹہرے میں ہوں گے۔

بقیہ 16

گفتگو کرتے ہوئے عمر ایوب نے کہا کہ 8 فروری کو یوم سیاہ منائیں گے، صوابی میں احتجاج ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس حکومت کے ہاتھ میں تو یہ بھی نہیں کہ ہماری اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے کھلے ماحول میں بات کروا سکیں، عوام کو اصل حالات سے آگاہ نہیں کیا جا رہا، جب بلوچستان میں دفعہ 144 لگائی گئی تو وہاں لاکھوں لوگ سڑکوں پر تھے۔

بقیہ 17

مرکزی صدر سردار ظفر حسین خان نے کہا ہے کہ زراعت جو ملک کی معیشت میں کردار ادا کرتی ہے اس کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا گیا ہے، زرعی ادویات، بیج اور بجلی پر کسانوں کو سبسڈی دی جائے تا کہ وہ خوشحال زندگی گزار سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کسان بورڈ ضلع نارووال کے زیر اہتمام شکرگڑھ میں کسانوں کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسان دشمن پالیسی نے اسے دیوالیہ کر دیا ہے اگر یہی کیفیت رہی تو آئندہ کسان فصل کاشت کرنا چھوڑ دیں گے۔ ستم ظریفی کی بات ہے کہ ہمارے ہمسایہ ملک میں کسانوں کو بجلی سستی کھاد بیج اور ادویات انتہائی کم قیمت پر دیئے جا رہے ہیں۔

بقیہ 18

اور فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں اور افغان حکومت کے گٹھ جوڑ کے ناقابل تردید شواہد منظر عام پر آگئے۔ ذرائع کے مطابق 30 اور 31 جنوری کی رات ڈیرہ اسماعیل خان کی تحصیل کلاچی میں سیکورٹی فورسز، کیکامیاب آپریشن میں فتنہ الخوارج کے 4 دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا گیا، ہلاک دہشتگردوں میں افغانستان کے صوبے باغدلیس کے نائب گورنر مولوی غلام محمد احمدی کا بیٹا بھی شامل تھا، یہ آپریشن ڈیرہ اسماعیل خان۔ کی تحصیل کلاچی کے علاقے مدی میں کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگردوں سے امریکی ساختہ جدید نائٹ ویژن سمیت ایم 16 اے 4 اور ایم 24 اسنائپر رائفلز بھی برآمد ہوئیں، باغدلیس کے گورنر کے ہلاک کئے جانے والے بیٹے کی شناخت بدرالدین عرف یوسف کے نام سے ہوئی۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ افغان حکام اب بدرالدین عرف یوسف کی لاش لینے سے بھی انکاری ہیں، پاکستان نے کئی بار افغان حکام کو لاش وصولی کا کہا ہے لیکن افغان سائیڈ سے مسلسل انکار کیا جا رہا ہے، بدرالدین اس سے پہلے افغان طالبان کے تربیتی مرکز میں تربیت حاصل کرتا تھا۔

بقیہ 19

ہاوسز، سکولز اور گھروں کی رینڈم چیکنگ کے ڈور ٹو ڈور مارکنگ، مائیکرو پلان، کور بچوں کی فنگر مارکنگ کی پڑتال کی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر وسیم مرزا بھی اس موقع پر ان کے ہمراہ تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ وہ پوری جانفشانی اور جوش و جذبے سے فرائض منصبی انجام دیں اور اس امر کو یقینی بنائیں کہ کوئی بچہ پولیو کی خوراکیں لینے سے نہ رہ جائے۔ انہوں نے کہا کہ والدین کا بھی فرض ہے کہ وہ اپنے بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کیلئے پولیو کے دو قطرے لازمی پلوائیں اور پولیو ٹیموں سے تعاون کریں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی جگہ پولیو ٹیمیں نہ پہنچنے یا معلومات میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی کنٹرول روم کے نمبر 9250011 پر کال کریں۔

بقیہ 20

آئی انٹر پارٹی کیس سماعت کیلئے مقرر کر دیا۔ الیکشن کمیشن پی ٹی آئی انٹرا پارٹی کیس پر 11 فروری کو سماعت کرے گا، الیکشن کمیشن کی جانب سے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر، روف حسن اور پی ٹی آئی کے منحرف کارکنان کو بھی نوٹس جاری کر دیا۔

بقیہ 21

۔ تفصیلات کے مطابق والٹن روڈ اپ گریڈیشن منصوبے کی فنشنگ کا کام ادھورا رہ گیا، پی ایچ اے کی جانب سے پلانٹیشن کا کام بھی مکمل نہیں ہوسکا، والٹن روڈ منصوبے میں شامل سروس لینز بھی نامکمل ہیں، والٹن روڈ پر پی ایچ اے کی جانب سے رکھے گئے پلانٹرز خالی و غیر معیاری ہیں۔ والٹن روڈ پر ڈسپوزل اسٹیشنز بھی نامکمل اور فنشنگ کے بغیر موجود ہیں، والٹن روڈ پر پیڈسٹرین برجز کو بھی تا حال مکمل نہیں کیا جا سکا۔ وزیراعلی رواں ماہ 7 تاریخ کو منصوبے کو کھلوانے کا ارادہ رکھتی ہیں۔

بقیہ 22

رینجرز کی تعیناتی کی منظوری دیدی۔ لاہور میں کرکٹ میچز کے دوران پاکستان آرمی اور پاکستان رینجرز پنجاب کی 1، 1 کمپنی تعینات ہوگی۔ 8 اور 10 فروری کے میچز قذافی سٹیڈیم لاہور میں کھیلے جائیں گے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق محکمہ داخلہ نے پولیس کی درخواست پر وفاقی حکومت کو مراسلہ لکھا تھا۔ لاہور میں دو میچز کے بعد 12 اور 14 فروری کے میچز کراچی میں کھیلے جائیں گے۔

بقیہ 23

کی پہلی سالگرہ کے موقع پر ہیڈ آفس چیچہ وطنی میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں صدر مرکزی انجمن تاجران چیچہ وطنی حافظ ساجد محمود نے بطور مہمان خصوصی جبکہ چیئرمین چیچہ وطنی پریس کلب سید عابد گیلانی، سابق کونسلر خان سعید خان، معروف سیاسی وسماجی شیخ فہیم احمد خان ککے زئی اور ہائی وے انسپکٹر شاہد نثار نے مہمانان اعزاز شرکت کی اور اورڈپلومہ مکمل کرنے والے طلباء وطالبات میں اسناد تقسیم کیں، تقریب کے آغاز میں ڈائریکٹر آئی ڈی بی فواز افتخار نے سپاس نامہ پیش کیا، تقریب سے مہمانان گرامی نے ڈیجیٹل برنس کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

بقیہ 24

اکثریت کے حامل ملک " کرغزستان " میں خواتین کے نقاب اور برقع پہننے پر پابندی کا فیصلہ یکم فروری سے نافذ العمل ہو گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس فیصلے کی رو سے عوامی مقامات پر نقاب پہننے والی خواتین کو 20 ہزار سوم (تقریبا 230 امریکی ڈالر) جرمانے کا سامنا ہو گا۔ خواتین کا حجاب اور مردوں کی داڑھی طویل عرصے سے وسطی ایشیا کے ممالک میں عوامی بحث اور حکومتی مہموں کا موضوع رہی ہے۔

بقیہ 25

شہباز شریف اور سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کے خلاف رمضان شوگر ملز ریفرنس پر سماعت کی۔ شہباز شریف اور حمزہ شہباز کے وکیل امجد پرویز نے موقف اختیار کیا کہ رکن پنجاب اسمبلی مولانا رحمت اللہ کی درخواست پر گندے نالے کے لیے ڈائریکٹو جاری کیا گیا، اس پراجیکٹ کو پنجاب اسمبلی نے منظور کیا، ڈائریکٹو کے اجراء میں حمزہ شہباز کا کوئی کردار نہیں، مفروضوں پر بات نہیں ہو سکتی، انجینئر نے یہ نتیجہ نکالا تھا کہ گندہ نالہ رمضان شوگر ملز کو فائدہ دینے کے لیے بنایا گیا ہے، یہ کیس سیاسی بنیادوں پر بنایا گیا ہے اس میں گواہوں کو طلب کرنے کی ضرورت نہیں۔ بعدازاں عدالت میں سرکاری وکیل کی جانب سے دلائل مکمل کر لیے گئے اور عدالت نے کیس کی سماعت 6 فروری تک ملتوی کرتے ہوئے درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا جو 6 فروری کو سنایا جائے گا۔

بقیہ 26

میں کہا ہے کہ سپریم کورٹ بار ہمیشہ قانون کی حکمرانی عدلیہ کی آزادی کیلئے کھڑی ہوئی ہے، سپریم کورٹ بار کی ایگزیکٹو کمیٹی سے سرکولیشن کے ذریعے ججز ٹرانسفرز پر رائے لی گئی۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ آئین کا ارٹیکل 200 بالکل واضح ہے، آرٹیکل 200 صدر مملکت کو ججز ٹرانسفر کی اجازت دیتا ہے۔

بقیہ 27

کی آزادی کے حق میں مضبوط آواز بلند کی گئی۔ جلسے میں سکھ رہنما مان سنگھ نے بھارت میں اقلیتوں کو درپیش مظالم پر روشنی ڈالی اور کہا کہ مودی حکومت اقلیتوں کو دبانے کی کوشش کر رہی ہے، جس میں نہ صرف مسلمان بلکہ سکھ اور دیگر برادریاں بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں پاکستان پہنچ کر بہت سکون ملتا ہے۔ جہاں ہماری مذہبی عبادت گاہیں موجود ہیں۔ زاہد ہاشمی نے اپنے خطاب میں واضح کیا کہ مودی کی فاشسٹ حکومت کو جلد یا بدیر کشمیر کو آزاد کرنا ہوگا۔ انہوں نے بھارت کی ظالمانہ پالیسیوں اور کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کی شدید مذمت کی اور عالمی برادری سے اپیل کی کہ وہ بھارت کے غیر قانونی قبضے اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خلاف مؤثر اقدامات کرے۔ یہ تقریب نہ صرف کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کا مظہر تھی بلکہ عالمی سطح پر مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے کے لیے بھی اہم ثابت ہوئی۔ اس طرح کے پروگرام بین الاقوامی برادری کو متحرک کرنے اور کشمیری عوام کی آزادی کی جدوجہد کو مزید مضبوط کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ انٹرنیشنل کشمیر پیس فورم فرانس کے زیر اہتمام پیرس میں منعقدہ یوم یکجہتی کشمیر کی تقریب میں پاکستان اور کشمیر کے قومی ترانے بھی پڑھے گئے۔

بقیہ 28

مطابق جسٹس سرفراز ڈوگر کے پاس تین، جسٹس آصف کے پاس دو کیسز آج مقرر ہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں جسٹس سرفراز ڈوگر نے کورٹ کا آغاز کر دیا، تلاوت کلام پاک سے کورٹ کا آغاز ہوا، ڈپٹی اٹارنی جنرل عبدالخالق تھند نے بتایا کہ میں لاء افسر ہوں آپ کو ویلکم کرتا ہوں، ایڈیشنل اٹارنی جنرل منور اقبال دوگل نے بھی نئے جج کو خوش آمدید کہا، ایڈووکیٹ جنرل اسلام آفس سے بھی سرکاری وکیل نے اپنا تعارف کرایا۔ جسٹس سرفراز ڈوگر نے شکریہ ادا کیا اور 3 کیسز کی سماعت کی، لا افسران سرکاری وکلا کے علاوہ کوئی وکیل پیش نہیں ہوا۔ دوسری جانب تین ججز کے اسلام آباد ہائیکورٹ میں تبادلے کے معاملے پر اسلام آباد ہائیکورٹ بار کی کال پر وکلا کی ہڑتال جاری ہے، ہائیکورٹ بار کے صدر ریاست آزاد وکلا کو عدالت پیش ہونے سے روک رہے ہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ بار کے صدر ریاست علی آزاد کا کہنا تھا کہ وکلا پیش نا ہوں آج بار ہڑتال ہے۔ ادھر اسلام آباد ڈسٹرکٹ بار میں وکلاء کی ہڑتال اور کنونشن کے موقع پر ڈسٹرکٹ کورٹس میں پولیس کی بھاری نفری تعینات ہے۔

بقیہ 29

ہوا، پوری قوم اپنے شہداء اور غازیوں کو سلام پیش کرتی ہے، پوری قوم شہداء کے اہل خانہ سے اظہار یکجہتی کرتی ہے۔ انہوں نے قلات آپریشن کے دوران 23 خوارج جہنم واصل ہوئے، 18 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا، افواج کے جوان اپنے خون کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں، ہسپتال سے ہو کر آیا ہوں، زخمی جوانوں کے حوصلے بلند تھے، زخمی جوانوں کا کہنا تھا جان کا نذرانہ بھی پیش کرنا پڑتا تو کرتے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ سپہ سالار کی لیڈرشپ میں سکیورٹی ادارے فرض کی ادائیگی کر رہے ہیں، پورا ملک جلد امن کا گہوارہ بنے گا، آج قوم کیلئے بھی بڑا چیلنج ہے، اتفاق اور اتحاد کے ساتھ چیلنج کا مقابلہ کرنا ہے، سیاست بھی ہوگی اور پھر سیاسی میدان بھی سجیں گے۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ قوم کے سپوت اپنے خون سے ماضی کی غلطیوں کا دوبارہ ازالہ کر رہے ہیں، میں ماضی میں نہیں جانا چاہتا، یہ تفرقہ اور سیاست کا وقت نہیں ہے۔

بقیہ 30

ہے کہ جنوری 2025 میں مہنگائی کی شرح 2.41 فیصد پر آ گئی، دسمبر 2024 میں مہنگائی کی شرح 4.07 فیصد ریکارڈ کی گئی تھی تاہم جولائی 2024 تا جنوری 2025 کے دوران اوسط مہنگائی 6.50 فیصد رہی۔ دسمبر کے مقابلے جنوری میں مہنگائی کی شرح میں 0.20 فیصد اضافہ دیکھا گیا، جنوری میں شہروں میں مہنگائی میں 0.19 فیصد کا اضافہ ہوا، گزشتہ ماہ دیہات میں مہنگائی کی شرح میں 0.22 فیصد کا اضافہ دیکھا گیا تھا۔ ادارہ شماریات کے مطابق جنوری میں شہروں میں مہنگائی کی شرح 2.72 فیصد رہی، گزشتہ ماہ دیہات میں مہنگائی کی شرح 1.95 فیصد ریکارڈ کی گئی تھی۔

بقیہ 31

کرتے ہوئے انہوں ں ے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو خط بھجوایا ہے اور یہ خط انہوں نے ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت اور سابق وزیراعظم کے طور پر بھجوایا گیا، خط میں دہشت گردی کے باعث فوجی جوانوں کی شہادت کے حوالے سے گزارشات پیش کی گئی ہیں اور خط میں چھ نکات پیش کیے گئے۔ فیصل چوہدری نے بتایا کہ خط میں لکھا گیا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فوج تب کامیاب ہوتی ہے جب قوم اس کے پیچھے کھڑی ہو۔ وکیل فیصل چوہدری نے کہا کہ عمران خان نے آرمی چیف سے پالیسی میں روبدل کی درخواست کی ہے، خط میں ملکی تاریخ کے فراڈ الیکشن 26 ویں آئینی ترامیم کے حوالے سے بھی مواد تحریر کیا گیا ہے، پیکا قانون، پی ٹی آئی کے خلاف ریاستی دہشت گردی، خفیہ اداروں کی آئینی ذمہ داری، ملکی معاشی صورتحال کا ذکر کیا گیا ہے۔ فیصل چوہدری کے مطابق خط میں لکھا گیا ہے کہ فوج اور قوم میں دوریاں پیدا ہو رہی ہیں، ان فاصلوں کی سب سے بڑی وجہ اسٹیبلشمنٹ کی پالیسیاں ہیں، اسٹیبلشمنٹ ان کے ساتھ کھڑی ہوئی جو دو دفعہ کے این آر او زدہ ہیں جس سے قوم میں نفرت پیدا ہوئی۔

بقیہ 32

فرٹیلیٹی رپورٹ جاری کر دی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ 2024ء میں پاکستان میں شرح پیدائش میں کمی دیکھی گئی۔ ورلڈ فرٹیلیٹی رپورٹ 2024ء میں 1994ء سے 2024ء تک کے ڈیٹا کا جائزہ لیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق 1994ء میں پاکستان کی شرح پیدائش 6 فیصد تھی جو کہ 2024ء میں کم ہو کر 3.6 فیصد ہو گئی ہے۔ اقوام متحدہ کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 2023ء میں شرح 3.238 تھی، جو 2022ء کے مقابلے میں 1.88 فیصد کم تھی۔ رپورٹ سے پتہ چلتا ہے کہ 2024ء میں 63 ممالک میں رہنے والے 1.8 ارب افراد آبادی میں کمی کے مرحلے میں داخل ہو چکے ہیں۔ توقع ہے کہ 2054ء کے بعد ان ممالک میں شرح پیدائش مزید کم ہو جائے گی۔ رپورٹ میں حکومتوں پر کم عمری کی شادی پر پابندی، خواتین اور لڑکیوں کے حقوق کے تحفظ اور تولیدی صحت کی مکمل سہولتیں یقینی بنانے کے لیے مؤثر قوانین کے نفاذ پر زور دیا گیا ہے۔ 1970ء میں عالمی شرح پیدائش 4.8 تھی، جو 2024ء میں 2.2 تک گر چکی ہے۔

بقیہ 33

قیمتوں میں حالیہ اضافے کا اقدام لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ شہری منیر احمد نے اظہر صدیق ایڈووکیٹ کے ذریعے متفرق درخواست لاہور ہائیکورٹ میں دائر کر دی۔ درخواست گزار کی جانب سے مؤقف اپنایا گیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا گیا ہے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا کوئی جواز نہیں ہے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دیا جائے۔

بقیہ 34

بیٹھوں گا۔ ججز میں تحفظات کو کم کرنے کی کوشش کر رہا ہوں، ججز سے ملاقات کی ہے تمام ججز سے گپ شپ لگاؤں گا۔ جو میرا دائرہ اختیار ہے بلا خوف وخطر استعمال کروں گا۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے پریس ایسوسی ایشن آف سپریم کورٹ کی حلف برداری کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز ٹرانسفر پر بات کرنا چاہتا ہوں، اسلام آباد وفاق کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اسکول بھیجا جاتا ہے کہ آپ جینٹل مین بن کر آئیں، میں کیوں ججز ٹرانسفر پر راضی ہوا، ٹرانسفر آئین کے تحت ہوئی، ایک بلوچی بولنے والا جج آیا، سندھی بولنے والا جج آیا، وفاق پورے ملک کا ہے، آرٹیکل 200 کے تحت اچھا اقدام ہے۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ مزید ججز بھی دیگر صوبوں سے آنے چاہیں، اسلام آباد ہائیکورٹ میں آئے ججز کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے، اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز کے ٹرانسفر کے معاملے کو مکس نہ کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ ججز کی تعیناتی اور ٹرانسفر دونوں الگ معاملے ہیں، دوسرے صوبوں کے ججز کو بھی فیئر چانس ملنا چاہیے، اسلام آباد ہائی کورٹ کسی ایک خاص کی نہیں پورے پاکستان کی ہے، اس اقدام کو ججز کو سراہنا چاہیے۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ آنیوالے کو ججز تعینات نہیں کیا، یہ پہلے سے ہی ہائیکورٹ کے جج ہیں، بطور چیف جسٹس پاکستان میں ویژن بڑا ہونا چاہیے، میں روزانہ 30 سے 40 کیسز سن رہا ہوں، سپریم کورٹ میں زیر التوا کیسز کا بیک لاگ ختم کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں سپریم کورٹ میں مزید ججز کی ضرورت ہے، ہر جج آزاد اور بااختیار ہے، سارا لوڈ تین چار ججز پر بڑھ جاتا ہے، جو میرا دائرہ اختیار ہے بلاخوف وخطر استعمال کروں گا۔ ججز کے درمیان تحفظات کے بارے میں ایک سوال پر جواب دیتے ہوئے چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ میں کوشش کر بھی رہا ہوں اور مزید بھی کرونگا، تمام ججز سے گپ شپ لگاؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ میں چیف جسٹس پاکستان ہوں، ہائی کورٹ ججز کے پاس بھی گپ شپ لگانے کیلئے جاؤں گا۔ وقت لگے گا سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔ اس دوران جسٹس جمال مندوخیل نے پریس ایسوسی ایشن سپریم کورٹ کے نومنتخب کابینہ سے حلف بھی لیا حلف لینے والوں میں صدر ذوالقرنین، سیکرٹری غلام نبی یوسف زئی سمیت دیگر عہدیداران شامل تھے تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا اور تلاوت کی سعادت اختر صدیقی نے حاصل کی اس کے بعد صدر نے ایسوسی ایشن کے اغراض ومقاصد بیان کیے بعدازاں ارکان نے حلف اٹھایا جس کے بعد چیف جسٹس سے سوال وجواب کی مختصر نشست بھی ہوئی۔

بقیہ 35

احکامات جاری کیے، یہ کچہری عوامی مسائل کے فوری ازالے اور ریونیو سے متعلقہ امور کو شفاف اور موثر انداز میں نمٹانے کے لیے منعقد کی گئی تھی، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ، اسسٹنٹ کمشنر وحید حسن گوندل اور تمام ریونیو سٹاف بھی موجود تھا، ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود اور ان کے مسائل کا فوری حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ریونیو افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی زمینوں کے انتقالات، فرد کے اجرا، حد براری اور دیگر مسائل کو جلد از جلد حل کیا جائے تاکہ عوام کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو، شہریوں کی بڑی تعداد نے ریونیو عوامی خدمت کچہری میں شرکت کی اور اپنے مسائل ڈپٹی کمشنر کے سامنے رکھے جن کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔

بقیہ 36

نواز کا اعلان کردہ ایک اور منصوبہ مکمل کر دیا گیا، پنجاب سیف سٹی اتھارٹی نے ویمن ہاسٹل 8 ماہ میں تعمیر کر دیا گیا۔ صوبائی وزیر تعمیرات ومواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ نے بتایا کہ 3 منزلہ ویمن ہوسٹل پر تعمیراتی کام ماہ مئی میں شروع کیا گیا۔

بقیہ 37

بار ایسوسی ایشن، جماعت اسلامی، تحریک انصاف، ایم کیو ایم پاکستان، پاکستان فلاح پارٹی، زرگر یونین کے نمائندوں نے شرکت کی مظاہرین نے بازوں پر سیاہ پٹیاں اور ہاتھوں میں مذمتی بینر اٹھار کھے تھے بھرپور احتجاج کے دوران حکومت کیخلاف شدید نعرے بازی کی گئی احتجاج کی قیادت ضلعی نائب صدر منور حسین منور، صدر محراب پور یونین آف جرنلسٹس محمود الحسن جلالی نے کی مظاہرے کے دوران ایڈووکیٹ محمد رمضان مغل، ڈاکٹر راشد مغل، رانا غلام حسین، ندیم غوری، حسین سہتو، رانا غلام شبیر، سجاد سرویا، آصف جاوید رندھاوا ایڈووکیٹ سمیت صحافیوں علم دین مغل، راجہ نوناری، بچل ہنگورو، سرفراز نواز، رانا ندیم انجم، شہزاد مغل، اطہر جوکھیو، سری چند، عظیم نوناری، محسن ملاح، احمد ندیم مغل، قیوم میمن، حزب اللہ چانگ، حسنین شاہ و دیگر مقررین کا کہنا تھا کہ حکومت نے بڑی عجلت میں پیکا ایکٹ کو پاس کیا ہے صحافتی آزادی کو سلب کرنے کی کوشش کی گئی اظہار رائے کی آزادی پر قدغن لگانے کو کسی طور صحافی برادری برداشت نہیں کرے گی پی ایف یو جے قائد افضل بٹ، لالہ اسد پٹھان آگے کے لائحہ عمل کا اعلان کریں پاکستان بھر سے صحافی برادری شانہ بشانہ انکے ساتھ ہے۔

بقیہ 38

علامہ سید عباس رضا شاہ نے حدیث کسا پڑھی اور زوار علی نواز خان مرحوم کی بلندی درجات کیلئے دعا کروائی، مولا حسین ومولا غازی عباس علمدار کے فضائل بیان کیئے اور جھنگ کے معروف نوحہ خوان استاد عابد ناصر کی ٹیم نے مولا کی شان اقدس میں قصیدے تلاوت کیے اور سلام ہدیہ درود فرمائے، آخر میں مولا حسین علیہ السلام کی ولادت باسعادت کا کیک علامہ سید عباس رضا شاہ اور فخر بلوشہابل سادات ڈاکٹر سید علی عباس شاہ نے کاٹا اور مومنین میں مٹھائی اور لنگر تقسیم کیا گیا۔

بقیہ 39

تاکہ فی ایکڑ زیادہ پیداوار لی جاسکے اگیتی کاشت کے لیے کاٹرپل جین منظور شدہ ورائٹی کا انتخاب کریں تاکہ فارمر کو کوئی نقصان نہ ہو۔ کاشت کار 15 فروری سے لے کر 31 مارچ تک اپنے کاشت کو مکمل کریں۔ مزید اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسی شورکوٹ کا کہنا ہے کہ گورنمنٹ نے اگیتی کپاس کے کاشتکار کو 25 ہزار روپے بھی دینے کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ 40

ملک عمیر، جوائنٹ فنانس سیکرٹری سجاد مغل، سیکرٹری نشرواشاعت محمد سعید، منتخب کر لیا گیا اس دوران موبائل یونین کے تمام ممبران کے علاوہ مذہبی، سیاسی وسماجی رہنماؤں، صحافیوں، اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی انتخابی عمل کے بعد ایک پروقار تقریب حلف برداری منعقد کی گئی، جس میں چیئرمین سپریم کونسل مرکزی انجمن تاجران پاکستان محمد نعیم میرنے نو منتخب صدر حافظ زاہد جاوید سے حلف لیا۔ نومنتخب صدر حافظ زاہد جاوید نے اپنے خطاب میں یونین کے تمام اراکین کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وہ موبائل فون یونین کے مسائل کے حل اور تاجروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ جدید تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے یونین کو مزید فعال اور مضبوط بنائیں گے۔ آخر میں مذہبی اسکالر علامہ محب النبی طاہر نے موبائل یونین کی ترقی اور ملک پاکستان کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی اور موبائل یونین کی جانب سے پرتکلف عشائیے دیا گیا۔

بقیہ 41

بنائیں گے خصوصی عدالت کے قیام کے بعد نیب اور OPF کے مابین MOU چوہدری سالک حسین کا بڑا کارنامہ ہے انہوں نے بتایا کہ اس سے قبل۔ چوہدری سالک حسین سمندر پار پاکستانیز کی جائیداد کے تنازعات کے حل کے لیے خصوصی عدالت کا بل بھی منظور کرا چکے ہیں یہ قانون اوور سیز پاکستانیوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ایک تاریخی قانون سازی ہے۔ اب نیب اور او پی ایف کے MOU بیرون ملک پاکستانیوں کے تحفظ کے لیے بڑا قدم ہے، ایم او یو کے تحت او پی ایف اور نیب مشترکہ طور پر بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی طرف سے موصول ہونے والی شکایات کا حل ممکن بنائیں گے ہاؤسنگ اسکیموں میں دھوکہ دہی، جائیداد پر قبضہ سے متعلق تنازعات، مالی بد انتظامی یا بے ضابطگیوں کے خلاف نیب میں خصوصی ڈیسک یا سیل قائم کیے جائیں گے، نیب اور سیز پاکستانیز کی شکایات کے حل کے لئے او پی ایف کے ساتھ ہیلپ لائن کے ذریعے رابطہ میں رہے گا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پارٹی چیف آرگنائزر ڈاکٹر محمد امجد نے کہا کہ مصطفیٰ ملک کی تقرری خوش آئند ہے اور وہ پارٹی کارکنوں کے مسائل حل ہوں گے۔ ہیومن رائٹس ونگ کی صدر انیلہ ایاز چوہدری نے کہا کہ مصطفیٰ ملک مخلص راہنماء اور پارٹی کا سرمایہ ہیں، مصطفی ملک کی تقرری سے دونوں وزارتوں کی کارکردگی بہتر ہوگی اس موقع پر صدر صوبائی کوآرڈینیشن مہرین ملک آدم، جنرل سیکرٹری فیڈرل کپیل چوہدری جہانگیر، جنرل سیکرٹری ہیومن رائٹس ونگ ڈاکٹر یاسر منیر لغاری، صدر ہیومن لا اینڈ جسٹس ونگ ڈاکٹر رحیم اعوان، ڈاکٹر جان عالم، جہانزیب امجد، نائلہ شہزاد، عظام چوہدری، عاطف مغل، ساجد اعوان، سردار حیدر اور ماریہ ملک نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 42

بھر میں باقاعدگی سے جنرل پریڈز کا انعقاد کیا جارہا ہے جبکہ ضلعی افسران کیجانب سے کوت، موٹر ٹرانسپورٹ ونگ، متفرق سٹورز، وردی گودام اور دیگر شعبوں کی انسپکشن بھی کی جارہی ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ جنرل پریڈ کا مقصد اہلکاروں کو الرٹ رکھنا اور ان میں ڈسپلن، اتحاد و بھائی چارے کی فضاء قائم رکھنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پریڈ کسی بھی فورس کے ڈسپلن کا بہترین مظاہرہ ہوتی ہے۔ جنرل پریڈ سے افسران و اہلکاروں کی فٹنس برقرار رہے گی جبکہ پریڈ پولیس فورس کی تاریخ، ورثے اور روایت کو ظاہر کرتی ہے۔

بقیہ 43

وعدہ کیا گیا تھا کہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ ہوگا جب کہ عوام سے کیے گئے وعدے جھوٹے تھے اور کے الیکٹرک عوام کے لیے عذاب بنی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 68 بلین روپے صارفین سے وصول کیے جائیں گے اور کے الیکٹرک کہتی ہے 68 بلین روپے بجلی چوری کے ہیں۔ جماعت اسلامی کراچی کی عوام کا مقدمہ لڑ رہی ہے جب کہ لوڈشیڈنگ ختم اور کراچی والوں کو سستی بجلی ملنی چاہیے۔ منعم ظفر نے کہا کہ این ٹی ڈی سی سے پورے ملک کو بجلی مل سکتی ہے تو کراچی کو کیوں نہیں، 1100 میگاواٹ بجلی کراچی کو این ٹی ڈی سی سے ملتی ہے جب کہ کے الیکٹرک کے بوسیدہ پلانٹس ہیں اور کے الیکٹرک کے صارفین 18 سے 38 لاکھ ہو گئے ہیں۔

بقیہ 44

انڈسٹریل ریلیشن ایکٹ 2012 کی ترامیم میں آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے نمائندوں کو شامل کیا جائے، اجرتوں میں اضافہ کیا جائے اور منیمم ویج پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، مزدوروں کو محفوظ اور صحت مند کام کا ماحول فراہم کرنے کیلئے سخت اقدامات کیے جائیں۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان نے کہا کہ صنعتی شعبے میں مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے کیلئے نئی قانون سازی کی ضرورت ہے، قوانین کو مضبوط بنانے کیلئے مزدور تنظیموں سے مشاورت کی جائے، اجرتوں میں اضافہ کیا جائے اور حکومت کم از کم اجرت پر سختی سے عملدر آمد یقینی بنائے جبکہ مزدوروں کو مناسب سہولیات کی فراہمی اور اجرتوں کی بروقت ادائیگی یقینی بنائی جائے۔ انہوں چکا کہنا تھا کہ مزدوروں کے حقوق کیلئے ہم عالمی تنظیموں کے ساتھ تعاون بڑھائیں گے اور ان کے تجربات سے فائدہ اٹھا کر پاکستانی محنت کشوں کی حالت کو بہتر بنائیں گے۔

بقیہ 45

خاتمے تک بلا تفریق جاری رہے گا ناجائز تجاوزات کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائیگی، اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں اشفاق احمد کا کہنا تھا کہ ناجائز تجاوزات کے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھوں گا۔

بقیہ 46

پھولوں کے ہار اور گلاب کی پتیوں سے بارات کا استقبال کیا۔ پروگرام کی ابتدا تلاوت کلام پاک اور نعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوئی۔ اللہ کی رحمت سے مفتی گلشیر احمد رضوی نے نکاح کے فرائض انجام دیے۔ اپنے خطاب میں، علامہ مفتی گلشیر احمد رضوی نے نکاح کو آسان بنانے اور مساجد میں ان تقریبات کے انعقاد کی اہمیت پر زور دیا، تاکہ ہر غریب شخص بھی اپنی بیٹی کی شادی کرا سکے۔ انہوں نے کہا کہ مسجد میں نکاح کرنا سنت نبوی ہے، اور ہمیں اس سنت پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ بعدازاں، بیٹی کی رخصتی کے موقع پر اسے ضروریات زندگی کے سامان اور دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا گیا۔ مہمانوں نے نئے جوڑے کے لیے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور اس خوشی کے موقع پر پرتکلف کھانوں سے تواضع کی گئی۔ یہ ایک یادگار اور خوشی سے بھرا لمحہ تھا، جس میں نہ صرف معاشرتی بلکہ روحانی تقویت بھی محسوس ہوئی۔

بقیہ 47

کے ساتھ صرف مخصوص علاقوں میں کام کرتی ہیں۔ یعنی پشاور کے تمام تھانوں کے پاس مجموعی طور پر 60 کے قریب موبائل گاڑیاں ہیں جو رات کے وقت حساس علاقوں، قبائلی علاقوں سے متصل علاقوں، کینٹ، سٹی اور رورل ڈویژن میں امن وامان کی صورتحال کو کنٹرول کرنے کے لیے گشت کرتی ہیں۔ لیکن جب بھی قبائلی علاقوں سے متصل علاقوں میں رات کے وقت کوئی حملہ ہوتا ہے تو ایمرجنسی میں نفری منگوانے، اسلحہ ایمونیشن منگوانے اور دیگر معاونت کیلئے جب پشاور پولیس کے کنٹرول روم یا متعلقہ تھانے سے رابطہ کیا جاتا ہے تو وائرلیس سسٹم ناکارہ ہونے سے منٹوں کا رسپانس گھنٹوں میں ملتا ہے، جس سے حساس علاقوں جہاں موبائل نیٹ ورک کام نہیں کرتا۔ یا جن علاقوں میں نیٹ ورک جام ہوتا ہے وہاں وائرلیس نظام کا ناکارہ ہونا پشاور پولیس کیلئے نیا چیلنج ہے، جدید دور میں بھی وائرلیس سسٹم کا پشاور پولیس کے پاس نہ ہونا لمحہ فکریہ ہے۔

بقیہ 48

بھی دشمن ہیں پاکستان کلمہ طیبہ کے نام پر بنا ہے اللہ کے فضل وکرم سے قیامت تک قائم رہیگا، ریاستی سلامتی سے وابستہ اداروں پر لامعنی پروپیگنڈہ کی مذمت کرتے ہیں، فوج سے یکجہتی تکریم شہداء کا پرچم سربلند اور ریاست میں پیغام پاکستان کے متفقہ بیانیہ کو گھر گھر پہنچانے کا عہد ملک وقوم کی سلامتی شہدا کی بلندی درجات پاسبانوں کی سلامتی وحفاظت کی اللہ سے دعا کرتے ہیں۔

بقیہ 49

اور ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں ان کے ساتھ بداخلاقی اور رشوت کا عمل کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا، بعدازاں انہوں نے مختلف تعلیمی اداروں کا دورہ کیا اور وہاں اساتذہ اور عملہ کی حاضری کا جائزہ لیا انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ اپنی تمام تر توجہ سرکاری تعلیمی اداروں میں معیار تعلیم میں مزید بہتری کی جانب مرکوز رکھیں۔

بقیہ 50

شامل تھے۔ سیکرٹری پی ایچ ایف نے قومی کھیل کی بحالی کے لیے مسلسل تعاون پر پاک فوج کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے ایونٹ میں شریک ٹیموں، عہدیداروں اور منتظمین کو بھی سراہا اور کامیاب انعقاد پر مبارکباد دی۔ فائنل راؤنڈ میں دس بہترین ٹیمیں شامل ہیں، جنہوں نے ضلعی، ڈویژنل اور صوبائی راؤنڈز کے بعد قومی سطح کے مقابلوں کیلئے کوالیفائی کیا ہے۔ ٹورنامنٹ کا آغاز 20 دسمبر 2024ء سے پاکستان بھر میں ضلعی سطح کے مقابلوں سے ہوا، جس میں 57 اضلاع سے 11594 کھلاڑیوں نے 527 کلبوں کی نمائندگی کرتے ہوئے حصہ لیا۔ پنجاب سے چار، سندھ اور کے پی کے سے دو دو اور بلوچستان، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور اسلام آباد سے ایک ایک ٹیم فائنل مرحلے کیلئے کوالیفائی کر چکی ہے۔ یہ ٹیمیں قومی سطح پر اپنی صلاحیتوں اور مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے چیمپئن شپ ٹرافی کیلئے مقابلہ کریں گی۔ بہترین دس ٹیموں کے درمیان مقابلے 15 فروری 2025ء کو منعقد ہونے والے فائنل میچ اور اختتامی تقریب تک جاری رہیں گے۔

بقیہ 51

کے کوآرڈینیٹر امور کشمیر وگلگت بلتستان شبیر احمد عثمانی نے پریس کلب مصطفیٰ آباد میں یکجہتی کشمیر کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا، انہوں نے مزید کہا کہ اجلاس میں 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ہونے والی آئندہ تقریبات کے حوالے سے جامع لائحہ عمل پر تبادلہ خیال اور جائزہ لیا گیا، وزارت امور کشمیر وگلگت بلتستان اور دیگر متعلقہ وزارتوں اور محکموں نے یوم یکجہتی کشمیر کی تیاریاں شروع کر دی ہیں۔

بقیہ 52

رجسٹریشن کا عمل مکمل کرائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے آمنہ پارک موڑ ایمن آباد میں خواتین کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر میں آسان کاروبار، رمضان راشن، ماہانہ وظائف، سولر انرجی اور ٹریکٹر سکیم سمیت دیگر تمام عوامی فلاحی سکیموں کے لئے مستحق عوام کی رجسٹریشن کا عمل ہر یونین کونسل میں جاری ہے، جس کا حصہ بن کر کروڑوں عوام ان سکیموں سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہو سکتے ہیں۔

بقیہ 53

انوائس پرنٹنگ سسٹم کی ترسیل کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وسائل میں اضافہ پی آر اے کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 54

ٹیکس بورڈ آف ریونیو (بی او آر) کے بجائے سندھ ریونیو بورڈ (ایس بی آر) جمع کرے گی۔ قدرتی آفات کی صورت میں ایگریکلچر انکم ٹیکس میں ایڈجسٹمنٹ ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ آباد اراضی کو چھپانے کی صورت میں جرمانہ لگایا جائے گا۔ چھوٹی کمپنیوں پر زرعی ٹیکس 20 فیصد اور بڑی کمپنیوں پر 28 فیصد لاگو ہوگا۔ 150 ملین روپے زرعی آمدنی حاصل کرنے والے ایگریکلچر انکم ٹیکس سے مستثنیٰ ہوں گے۔ زرعی آمدنی 150 ملین روپے تا 200 ملین روپے تک ایک فیصد ٹیکس لگے گا۔ 200 ملین روپے سے 250 ملین روپے تک زرعی آمدن پر 2 فیصد ٹیکس لگے گا۔ زرعی آمدنی 250 ملین روپے تا 300 ملین روپے تک 3 فیصد ٹیکس لگے گا جبکہ 300 ملین روپے سے 350 ملین روپے تک زرعی آمدن پر 4 فیصد ٹیکس لگے گا۔ زرعی آمدنی 350 ملین روپے تا 400 ملین روپے تک 6 فیصد ٹیکس لگے گا۔ 400 ملین روپے سے 500 ملین روپے تک زرعی آمدن پر 8 فیصد ٹیکس لگے گا۔ زرعی آمدنی 500 ملین روپے سے زائد پر 10 فیصد ایگریکلچر انکم ٹیکس لگے گا۔ سندھ کابینہ نے کہا کہ آئی ایم ایف سے بات کرنے سے پہلے سندھ کو اعتماد میں لینا چاہیئے تھا۔ ایگریکلچر انکم ٹیکس لگانے سے سبزیوں کی قیمتیں بڑھ جائیں گی اور گندم، چاول اور دیگر اجناس بھی مہنگی ہو جائیں گی۔

بقیہ 55

میں آرچری، ہاکی، فٹ بال اور کراٹے کے ایونٹس کروائے جائیں گے۔ انکا کہنا تھا کہ پاکستان کا ہر شہری کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کرتا ہے اور اسی سلسلہ میں محکمہ کھیل جھنگ نے یوم کشمیر کے موقع پر کھیلوں کا انعقاد کیا ہے ہر پاکستانی اپنے اپنے انداز میں کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کرتا نظر آتا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ میچ میں کامیابی حاصل کرنے والی ٹیموں میں ٹرافیاں، گفٹ اور ری فریشمنٹ بھی تقسیم کی جائے گی۔

بقیہ 56

ملزمان کے قبضے سے برآمد کیے گئے موبائل فونز کی مجموعی مالیت 35 لاکھ روپے تک ہے۔ مسافر محمد جنید اور فیضان تھائی ایئر کی پرواز "ٹی جی 341 کے ذریعے کراچی ایئرپورٹ پہنچے تھے، کسٹم کے عملے نے مسافروں سے موبائل فون ضبط کر کے انہیں جانے کی اجازت دے دی۔

بقیہ 57

کے صدر میاں غلام مصطفیٰ اور جنرل سیکرٹری رانا جبران نے لاہور ڈویژن کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ملی لیبر فیڈریشن لاہور ڈویژن کے چیف کوآرڈینیٹر اسلم خان، چیئرمین میاں ریاض، صدر چوہدری ابوہریرہ، جنرل سیکرٹری محبوب احمد سندھو اور دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور پاکستانی عوام اپنے مظلوم کشمیری بھائیوں کی جدوجہد آزادی کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں پریس کلب کے باہر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا۔ اس مظاہرے میں لیبر تنظیمیں، سماجی تنظیمیں اور عوامی نمائندے شرکت کریں گے تاکہ کشمیریوں کے حق میں آواز اٹھائی جا سکے۔ اس کے علاوہ، ملک بھر کے دیگر شہروں میں بھی اسی طرح کے مظاہرے اور جلسے منعقد کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ملی لیبر فیڈریشن کشمیریوں کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گی۔

بقیہ 58

باعث ہے ان کا مزید کہنا تھا کہ سید خاور شاہ نیشنل آرچری اکیڈمی کا مقصد نوجوانوں کو کھیلوں کے ذریعے مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا اور انہیں قومی وبین الاقوامی سطح پر پہچان دلانا ہے۔ ضلعی انتظامیہ، ڈسٹرکٹ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ اور ڈسٹرکٹ آرچری ایسوسی ایشن جھنگ کے عہدیداران کی جانب سے کامیاب کھلاڑیوں کو مبارک باد اور ان کا کہنا تھا کہ جھنگ کے کھلاڑیوں نے کھیلتا پنجاب گیمز 2025 میں فیصل آباد ڈویژن کی نمائندگی کرتے ہوئے زبردست کامیابی حاصل کی بلکہ اس کامیابی نے نہ صرف جھنگ کا نام روشن کیا، بلکہ نوجوان لڑکیوں کے لیے کھیلوں کے میدان میں ایک نئی راہ بھی ہموار کی۔

بقیہ 59

گرفتار کیا گیا۔ پنجاب بھر کی شاہرات پر 1.4 ملین گاڑیوں کو چیک کیا گیا اور 221 چوری شدہ گاڑیاں / موٹر سائیکلیں برآمد کی گئیں۔ ایکسل لوڈ کی خلاف ورزی پر 46 ہزار 1 سو 68 اوور لوڈ گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی۔ گیس سلنڈر کے غیر قانونی استعمال پر 1345 گاڑیوں کے خلاف کارروائی کی گئی۔ شہریوں کی سہولت کے پیش نظر 17 ہزار 6 سو 98 ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے۔ 44 گمشدہ بچوں کو ان کے والدین سے ملوایا گیا۔ 338 عارضی و مستقل تجاوزات کو ختم کر کے ٹریفک کے بہاؤ کو بہتر بنایا گیا۔ 13178 مسافروں کو شاہرات پر مختلف نوعیت کی مدد و راہنمائی فراہم کی گئی۔ ترجمان پنجاب پولیس مزید بتایا کہ پولیس خدمت مراکز پر 17131 شہریوں کو مختلف پولیسنگ خدمات فراہم کی گئیں۔ ناجائز اسلحہ کے استعمال پر 85 مقدمات درج، منشیات فروشوں سے 1105 لیٹر شراب، 1150 گرام چرس اور 100 گرام ہیروئن برآمد کی گئی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے بہترین کارکردگی پر پی ایچ پی کے افسران و اہلکاروں کو شاباش دی ہے۔ ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ٹریفک کی روانی، شہریوں کی خدمت وحفاظت کیلئے بھرپور محنت اور خلوص نیت سے فرائض سرانجام دیئے جائیں۔

بقیہ 60

ہے۔ پولیو ٹیمیں قومی فریضہ سمجھتے ہوئے اپنی ڈیوٹی احسن انداز میں نبھائیں اور والدین بھی پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں اور اپنے پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے لازمی پلائیں۔

بقیہ 61

PREE اور RIPE پر تفصیلی پریزنٹیشن دی اور تعلیمی معیارات اور ادارہ جاتی کارکردگی کو بہتر بنانے کے حوالے سے قیمتی بصیرت فراہم کی۔ داخلی وسائل شخصیات میں ڈاکٹر شاہد مبین، ڈائریکٹر QEC، نے پروگرام ریویو برائے مؤثر عمل درآمد اور بہتری (PREE) کا تفصیلی تعارف پیش کیا، QEC کے افعال اور ذمہ داریوں پر روشنی ڈالی، اور خود تشخیصی عمل کے بارے میں آگاہی دی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ اگست 2024 سے BGNU میں (IQC) قائم کر دیا گیا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر کفیل احمد، ڈائریکٹر اکیڈمکس، نے شرکاء کو ڈائریکٹوریٹ آف اکیڈمکس کے وژن، مشن، کردار اور افعال سے روشناس کرایا۔ اسی دوران، پروفیسر ڈاکٹر اظہر رسول، ڈائریکٹر ORIC، نے ریسرچ، انوویشن اور کمرشلائزیشن آفس (ORIC) کے کاموں اور کامیابیوں پر گفتگو کی اور اس کے کوالٹی انہانسمنٹ میں کردار پر روشنی ڈالی۔ مزید برآں، مسٹر مبشر طارق، رجسٹرار BGNU، نے رجسٹرار آفس کے کاموں اور کوالٹی انہانسمنٹ میں اس کے کردار کا تفصیلی جائزہ پیش کیا۔ اس سیشن کی میزبانی مسٹر علی رضا، اسسٹنٹ ڈائریکٹر QEC نے کی، اور اس میں مختلف تعلیمی اداروں کے شرکاء نے شرکت کی۔

بقیہ 62

تر 84 کلو آئس اور 01 لاکھ 21 ہزار لیٹر سے زائد شراب بھی برآمد کی گئی۔ نشے کی بیماری میں مبتلا 03 افراد کو بحالی کیلئے علاج گاہوں میں داخل کروایا گیا۔ صوبائی دارالحکومت میں رواں سال منشیات فروشوں کے ٹھکانوں پر 997 چھاپے مارے گئے، 1031 ملزمان گرفتار اور 997 مقدمات درج کئے گئے۔ ملزمان کے قبضے سے 712 کلوگرام چرس اور 12 کلوگرام ہیروئن برآمد کی گئی۔

بقیہ 63

الیکشن کا کیس سننے کے اہل نہیں، یہ کیس نئے چیف الیکشن کمیشن کو سننا چاہیے۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں مسرت جمشید نے کہا کہ پہلے بھی 26 نومبر کو نہتے شہریوں پر گولیاں برسائی گئیں اب بھی دھمکیاں لگائی جا رہی ہیں، یہ ہتھکنڈے عوام کو اپنا حق مانگنے سے نہیں روک سکتے، عوام اپنے جمہوری حق کے لئے نکلیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکمرانوں کو سمجھنا ہوگا کہ حاکم ومحکوم کی جنگ میں بالآخر جیت عوام کی ہوتی ہے، طاقت کے زیر پر کسی کو تاعمر زیر نہیں کیا جا سکتا، آج نہیں تو کل ظلم کی یہ شب ختم ہوگی اور حق کا سورج طلوع ہوگا، تب تک ہم اپنی آواز بلند کرتے رہیں گے اور جب جب خان پکارے گا ہم سب لبیک کہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ میں 3 ججز کی تعیناتی بذریعہ تبادلہ بدنیتی کی اعلی ترین مثال ہے، سپریم کورٹ فتح کرنے کے بعد اب ہائیکورٹس فتح کرنے کا عمل شروع ہو چکا ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ بار نے عدالتی کارروائی کے بائیکاٹ کا اعلان کیا، تمام بارز کو قانون کے تحفظ کے لیے اب آگے آنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کے بغیر یہ نظام نہیں چل سکتا اسی لئے حکمرانوں کی فرسٹریشن بڑھتی جا رہی ہے، اب بھی میڈیا پر قدغن لگائی جا رہی ہے، کبھی عدلیہ کی آزادی پر حملے کیے جا رہے، طاقت کے ذریعے یہ نظام چلانے کی کوشش کر رہے ہیں ایسے ملک نہیں چلا کرتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سکندر راجہ نے تمام فیصلے ہی تحریک انصاف کے خلاف دیئے اور ملک کی سب سے بڑی جماعت اور عوام کی مقبول ترین جماعت سے بلے کا نشان چھینا۔ سکندر راجہ کی ملازمت اب مکمل ہو چکی ہے لہٰذا وہ انٹرا پارٹی الیکشن کا کیس سننے کے اہل نہیں ہیں، یہ کیس نئے چیف الیکشن کمیشن کو سننا چاہیے۔

روزنامہ قدامت لاہور
Daily QADAMAT Lahore
اعلان تقرری
بچیکی میں
ریاست علی
کو روزنامہ ''قدامت'' لاہور کا نمائندہ خصوصی مقرر کیا گیا ہے۔
خبروں، مراسلات اور اشتہارات کی اشاعت کیلئے رابطہ کریں۔
تمام سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں
ادارہ

گمشدگی کاغذات ٹریکٹر

میرا ٹریکٹر MF385 ماڈل 2019 انجن نمبر LM9B570V565960 چیسز نمبر VE0274132 کے کاغذات کہیں گم ہو گئے ہیں جو کافی تلاش کے بعد بھی نہیں ملے جس کی گمشدگی رپورٹ چوک پرانا تھانہ میں درج ہے جس کو ملے اس پتہ پر ارسال کر دیں۔ المشتہر: ریاض احمد خاں رتھ ولد فلک شیر خان رتھ سکنہ باماں رتھ۔ عارفوالا

بعدالت جناب شاہد سرفراز صاحب
سول جج فیملی کورٹ کوٹ رادھاکشن

درخواست زیر دفعہ 7 گارڈین، بعنوان: مسماۃ ماریہ ثمرین بنام محمد دلشاد۔ اشتہار بنام: محمد دلشاد ولد آس محمد قوم میو سکنہ ڈاکخانہ شام کوٹ تحصیل چونیاں ضلع قصور، عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 04-02-2025 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب تہمینہ یاسمین صاحبہ
جج فیملی کورٹ بہاولنگر

دعویٰ: آعادہ حقوق زن آشوئی، بعنوان: محمد عمر فاروق بنام عائشہ فاروق‘ اشتہار بنام: عائشہ فاروق دختر محمد فاروق قوم وٹو سکنہ چک نمبر 91 تحصیل عارف والا ضلع پاکپتن شریف۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر مورخہ 06-02-2025 کو حاضر عدالت آکر پیروی مقدمہ کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب اقراء شوکت صاحبہ
نائب تحصیلدار ریونیو آفیسر سرکل چوچک
تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ

درخواست تقسیم اراضی کھیوٹ نمبر 8 محال واقع چک نمبر 3/GD تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ۔ حلیمہ بیگم وغیرہ بنام نذیر احمد ولد محمد بشیر، محمد افضل ولد محمد سلیم، آسیہ بی بی دختر محمد اسلم، زہراں بیگم دختر محمد بشیر، ذوالفقار علی ولد محمد بشیر، عبدالوحید ولد محمد اسلم، ناظراں بی بی دختر محمد اسلم، محمد ظفر، محمد اصغر، محمد اکبر پسران محمد اسلم، محمد اعظم ولد محمد شفیع، محمد اسلم، شازیہ بی بی دختر محمد اسلم، کبراں بیگم دختر محمد بشیر اقوام آرائیں، نوشیر علی، ولد محمد یوسف، جنت بی بی بیوہ محمد بشیر، علی عباس ولد محمد یوسف، فاطمہ بی بی دختر محمد یوسف، محمد بلال ولد محمد بشیر، نسرین بی بی، زرینہ بی بی، سکینہ بی بی، ثمرہ بشیر، مریم بشیر دختران محمد بشیر، اقوام جھگڑ ساکنان چک نمبر 3/GD تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آئندہ تاریخ پیشی 04-02-2025 مقرر کی گئی ہے مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ پر عدالت حاضر ہوں حاضر عدالت نہ ہونے کی صورت میں حسب ضابطہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

مذاکرات آگے بڑھانے کا عندیہ!

ملک میں مذاکرات کا شور تو بہت ہے، مگر مذاکرات کا اونٹ کسی کروٹ بیٹھ ہی نہیں رہا ہے، گزشتہ ہفتے پی ٹی آئی نے تین مذاکراتی ادوار کے بعد حکومت کی جانب سے نو مئی اور چھبیس نومبر کے واقعات کی تحقیقات کیلئے عدالتی کمیشن نہ بنانے پر مذاکرات کا سلسلہ معطل کر دیا تھا، تاہم وزیراعظم شہباز شریف نے تحریک انصاف کو پارلیمانی کمیٹی بنانے کی پیشکش کرتے ہوئے مذاکراتی عمل کو آگے بڑھانے کا عندیہ دیا ہے ،جبکہ وزیراعظم کی جانب سے پارلیمانی کمیٹی بنانے کی پیشکش کو پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے یہ کہتے ہوئے مسترد کر دیا ہے کہ ہاؤس کمیٹی بنانے کی تجویز بہتر نہیں' عدالتی کمیشن پر ہی لوگوں کا اعتماد ہوتا ہے۔ اس میں کوئی دورائے نہیں ہے کہ ہمارے ہاں پارلیمانی کمیٹی اور عدالتی کمیشنوں کی تاریخ کوئی قابلِ رشک نہیں رہی ہے اور انکی رپورٹس پر بھی جانبداری کے الزامات لگتے رہے ہیں، لیکن اس ملک میں آگے بڑھنے کیلئے کوئی ایک آپشن کو ماننا ہی پڑے گا، حکومت نے ایک بار پھر مذاکراتی عمل جاری رکھنے کی پیش کش کی ہے، اس حکومتی پیشکش پر اپوزیشن کے جو بھی تحفظات ہوں' انہیں آپس میں بیٹھ کر طے کیا جا سکتا ہے، لیکن اس کیلئے مذاکراتی بیٹھک کو بحال کرنا ضروری ہے، پی ٹی آئی کی جارحانہ سیاست نہ ماضی میں کوئی حل نکال سکی نہ ہی اس سے آگے کسی بہتری کی توقع کی جا سکتی ہے، اس سے معاملات مزید خراب اور مشکلات میں اضافہ ہی ہو سکتا ہے۔ ہماری سیاسی قیادت کو سمجھنا چاہئے کہ سیاسی اختلافات ایک حد سے بڑھ جائیں تو قوم میں تقسیم کو ہوا دینا شروع کر دیتے ہیں، جبکہ اس عمل کا نقصان وفاق اور صوبوں میں عدم اشتراک، بلکہ بعض معاملات میں ایک دوسرے کے مدمقابل کھڑا ہونے کی صورت میں بھی نظر آتا ہے، سیاسی جماعتوں میں نظری اختلافات ضرور ہونا چاہئے، یہ ایک فطری بات ہے، مگر جب یہ اختلاف ذاتی عناد کی صورت اختیار کر لے تو سماج میں بگاڑ پیدا ہونے لگتا ہے، اس سے اجتناب بہرطور ضروری ہے اور جمہوری سیاست میں اس عمل کو مکالمے اور مذاکرات کے ذریعے ہی روکا جاتا ہے' اس جانب ہی سیاسی قیادت کی توجہ مسلسل مبذول کرائی جا رہی ہے، مگر سیاسی قیادت اپنے طرزِ عمل کے مضمرات سے بے پروا' اس روش پر ہی کاربند ہے، جو کہ سیاسی تناؤ کو مزید بڑھاوا ہی دے رہا ہے۔ اس وقت حکومت اور اپوزیشن دونوں کا ہی مطمع نظر اپنے حریف پر سبقت لے جانا ہے، جبکہ ملک وعوام کا کوئی سوچ ہی نہیں رہا ہے، ملک میں بے روزگاری اور مہنگائی کی کیا شرح ہے' لوگوں کیلئے بنیادی سہولتوں کے حصول کا کیا عالم ہے' ملکی معیشت بہتری کے باوجود کن خطرات کی زد میں ہے' یہ مسائل نہ تو سیاسی قیادت کی بنیادی ترجیحات میں شامل نظر آتے ہیں نہ ہی منتخب ایوانوں میں ان پر بحث ہو رہی ہے، اس وقت ملک کو درپیش مسائل یا وفاقی وصوبائی حکومتوں کی کارکردگی ،سیاسی بحث کا حصہ ہی نہیں ہے، اگر اپوزیشن حکومت کے خلاف سراپا احتجاج ہے تو اس کی وجہ بیروزگاری' ٹیکسوں کی بھرمار' بھاری یوٹیلیٹی بل اور مستقبل کی بے یقینی نہیں ہے، بلکہ یہ ساری محاذ آرائی اپنے سیاسی مفاد کیلئے کی جا رہی ہے۔ اگر اپوزیشن کے پاس مذاکرات سے راہِ فرار اختیار کر کے سیاسی تناؤ کو کم کرنے کا کوئی طریقہ ہے تو اسے پیش کیا جانا چاہئے، تا کہ اس کے قابلِ عمل ہونے پر بحث ہو سکے' دوسری صورت یہ ہے کہ تناؤ کو کم کرتے ہوئے سیاسی درجہ حرارت کو متوازن کرنے کی کوشش کرنی چاہیے اور مل بیٹھ کر افہام وتفہیم سے مسائل کا حل نکالنا چاہیے ، یہ ہی جمہوری سیاست کا تقاضا ہے اور یہ ہی وقت کی ضرورت ہے، اس وقت سیاسی جماعتوں کو جس باہمی اعتماد کے بحران کا سامنا ہے، اس شگاف کو پُر کرنے کیلئے ضروری ہے کہ ایک دوسرے کیلئے نرم گوشہ پیدا کیا جائے، اس پارلیمانی سطح پر مذاکراتی کمیٹیوں کے مل بیٹھنے سے امکان ظاہر کیا جا رہا تھا کہ باہمی فاصلوں میں کمی آئے گی، مگر اس عمل کی پیش رفت کے آڑے شرائط پی ٹی آئی کی شرائط آ گئیں، ان حالات میں ایک بار پھر وزیراعظم کی تجویز ایک قابلِ عمل پیشکش معلوم ہوتی ہے، اس پر ٹھنڈے دل سے غور کیا جانا چاہئے اور معاملات سلجھانے کیلئے آگے بڑھنا چاہئے، مذاکرات کی کامیابی کیلئے فریقین کی جانب سے لچک انتہائی ضروری ہے، دونوں اطراف کو چاہئے کہ اپنے مؤقف پر اڑے رہنے کے بجائے ایک دوسرے کے مؤقف کو سمجھنے اور اُس میں ہی اپنا مؤقف ڈھالنے کی کوشش کریں، اس سے نہ صرف مذاکرات کا عمل آسان ہوگا، بلکہ اس کا نتیجہ بھی بہتر ہوگا۔

صدائے سحر

شاہد ندیم احمد

sadaaysehar@gmail.com

حضرت امام حسین اور حضرت غازی عباس رضی اللہ عنہم کے یوم ولادت پر جھنگ میں تقریب کا اہتمام

جھنگ (بیورو رپورٹ) 3 اور 4 شعبان المعظم ولادت باسعادت مولا حسین علیہ السلام وحضرت غازی عباس علمدار علیہ السلام کی مناسبت سے جھنگ کے معروف سوشل ایکٹیوسٹ قلب عباس خان بلوچ، انجینئر اسد عباس خان بلوچ، ڈاکٹر نجف عباس خان بلوچ کی رہائش گاہ بلوچ ہاؤس چوک بلوچاں سیٹلائٹ ٹاؤن جھنگ میں جشن انوار شعبان المعظم کے پروگرام کا اہتمام کیا گیا۔ جشن پاک میں بقیہ نمبر38

علاقہ سے جرائم کا خاتمہ ترجیح ہے' آصف نوز تتلہ ایس ایچ او تھانہ شاہکوٹ

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر) ایس ایچ او تھانہ شاہکوٹ آصف نواز تتلہ نے ممبر سٹی پریس کلب چیچہ وطنی ملک ندیم مجاہد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہوں علاقہ سے جرائم کا خاتمہ اولین ترجیح ہے مشکوک سرگرمیوں میں ملوث عناصر کی اطلاع بروقت دیں کارروائی ہوگی اعلیٰ افسران کی قیادت میں پولیس جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی اور امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لئے کوشاں ہے۔

مرحوم محمد نذیر کا ختم قل شریف 4 فروری کو 10 بجے پڑھایا جائیگا

جلال پور بھٹیاں (نامہ نگار رائے شاہد عمران) تحریک لبیک پاکستان کے ضلعی سرپرست اعلیٰ اور سابقہ امیدوار پی پی 37 حافظ فیضان الحسن قادری رضوی صاحب اور جلال پور بھٹیاں کی ممتاز اور مذہبی شخصیت قاری عارف حسین نقشبندی کے والد محمد نذیر گزشتہ روز انتقال فرما گئے تھے۔

شورکوٹ میں فارمر ٹریننگ پروگرام برائے اگیتی اگاؤ کپاس مہم کے پروگراموں کا انعقاد

شورکوٹ (بیورو رپورٹ) فارمر ٹریننگ پروگرام برائے اگیتی اگاؤ کپاس مہم کے حوالے سے تحصیل شورکوٹ میں ہر گاؤں میں انعقاد کیے جا رہے ہیں جس میں زراعت افسر مرکز وریام والا میڈم سدرا حنیف اور زراعت افسر مرکز شورکوٹ محمد سرور اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت تسی شورکوٹ مہر اعجاز صالح شرکت کر رہے ہیں، جس میں کاشت کاروں کو غیب دی جا رہی ہے وہ کپاس کی اگیتی کاشت کریں بقیہ نمبر39

حکومت کم از کم اجرت پر سختی سے عملدرآمد کرائے: سلطان محمد خان

صنعتی شعبے میں مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے کیلئے نئی قانون سازی کی ضرورت

مزدوروں کی اکثریت کو محنت کا پورا معاوضہ نہیں ملتا' صدر آل پاکستان لیبر فیڈریشن

لاہور (پ ر) آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان نے کہا ہے کہ محنت کش طبقہ پاکستان کو ترقی وخوشحالی میں راہ گامزن کرنے کیلئے پوری ایمانداری اور انتھک محنت سے اپنا کردار ادا کر رہا ہے لیکن بدقسمتی سے محنت کشوں کی اکثریت کو ان کی محنت کا پورا معاوضہ نہیں ملتا جو ظلم کے مترادف ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ صنعتی شعبے میں مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کیلئے مؤثر قانون سازی کی جائے، بقیہ نمبر44

پنڈی بھٹیاں میں تجاوزات کیخلاف انتظامیہ کا موثر آپریشن

بھاری مشینری کیساتھ عارضی اور پختہ تجاوزات مسمار' پولیس بھی موقع پر موجود رہی

جلالپور بھٹیاں (نامہ نگار رائے شاہد عمران) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر پنجاب بھر کی طرح سکھیکی منڈی میں بھی ناجائز تجاوزات کے خلاف اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں اشفاق احمد نے پولیس کے ہمراہ گرینڈ آپریشن کیا جس میں ہیوی مشینری سے عارضی اور پختہ تجاوزات کو مسمار کر دیا گیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں کے ہمراہ پولیس کی بھاری نفری بھی موجود تھی اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں اشفاق احمد نے کہا کہ ناجائز تجاوزات شہر کی خوبصورتی پر بدنما داغ ہے حکومت پنجاب کے حکم پر جاری آپریشن ناجائز تجاوزات کے بقیہ نمبر45

پنڈی بھٹیاں میں تجاوزات کیخلاف آپریشن کیا جارہا ہے

پشاور پولیس کا وائرلیس سسٹم ڈیڑھ سال سے بند

پشاور (کائی نیوز) خیبر پختونخوا پولیس اس جدید دور میں بھی نہ صرف ٹیکنالوجی سے دور ہے بلکہ پشاور کے تمام تھانوں کا وائرلیس سسٹم جو 34 پولیس اسٹیشنز کی موبائل وینز کے ساتھ منسلک ہے گذشتہ ڈیڑھ سال سے ناکارہ پڑا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق دہشت گردوں کے پے درپے حملوں اور ٹارگٹ کلنگ کا براہ راست سامنا کرنیوالی پشاور پولیس کے 5 میں سے 4 وائرلیس ٹاورز نے بھی کام چھوڑا ہوا ہے، ضلع بھر کی موبائل وینز صرف ایک ٹاور بقیہ نمبر47

ننکانہ صاحب، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری فی میل روبینہ شاہین کو تعیناتی پر پھول پیش کیے جا رہے ہیں

روبینہ شاہین ڈی ای او ایلیمنٹری فی میل ننکانہ تعینات

عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع' اساتذہ کے مسائل حل کرنے کیلئے پر عزم

اساتذہ کو تمام تر توجہ معیار تعلیم میں مزید بہتری کی جانب مرکوز کرنے کی ہدایت

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) روبینہ شاہین ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری فی میل ننکانہ صاحب تعینات، نئی ایجوکیشن نے چارج سنبھال کر کام کا آغاز کر دیا، مختلف تعلیمی اداروں کے دورے، اساتذہ کو تمام تر توجہ معیار تعلیم میں مزید بہتری کی جانب مرکوز کرنے کی ہدایت، تفصیلات کے مطابق سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول چک نمبر39 گ ب میں تعینات گریڈ19 کی سینئر سبجیکٹ سپیشلسٹ روبینہ شاہین کو ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری فی میل تعینات کر دیا جنہوں نے اپنے عہدے کا سنبھال کر کام کا آغاز کر دیا ہے، دفتر پہنچنے پر عملہ نے ان کا استقبال کیا اور انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا انہوں نے دفتری عملہ کو ہدایت کی کہ وہ دفتر آنے والے تمام معزز اساتذہ اور غیر تدریسی عملے کے ساتھ شفقت سے پیش آئیں بقیہ نمبر49

دوسری چیف آف آرمی سٹاف نیشنل انٹر کلب ہاکی چیمپئن شپ کا افتتاح

لیفٹیننٹ جنرل فیاض شاہ نے ہاکی لیجنڈز کی موجودگی میں ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا

سیکرٹری پی ایچ ایف کا قومی کھیل کی بحالی کیلئے تعاون پر پاک فوج سے اظہار تشکر

لاہور (ناصر اقبال خان سے) دوسری چیف آف آرمی سٹاف نیشنل انٹر کلب ہاکی چیمپئن شپ 2025 ء کے فائنل راؤنڈ کا آغاز ایک رنگا رنگ افتتاحی تقریب کے ساتھ ہوا۔ مہمان خصوصی لیفٹیننٹ جنرل فیاض حسین شاہ نے ہاکی لیجنڈز، پی ایچ ایف کے عہدیداروں اور کھیلوں کے شائقین کی بڑی تعداد کی موجودگی میں ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں سکول کے بچوں اور کھلاڑیوں کی کثیر تعداد شریک ہوئی۔ تقریب میں ٹورنامنٹ کی ٹرافی کی رونمائی بھی کی گئی۔ چیمپئن شپ کے آفیشل گانے، ملی نغموں اور پاکستان رینجرز پنجاب کے بینڈ نے حاضرین کے جوش وخروش میں مزید اضافہ کیا۔ معزز مہمانوں میں ہاکی کے قومی ہیروز چوہدری اختر رسول، منظور الحسن، توقیر ڈار، شہباز احمد سینئر، طاہر زمان، آصف باجوہ، انجم سعید، دانش کلیم، کامران اشرف، محمد خالد، طارق شیخ، شیخ محمد عثمان، محمد کاشف، محمد عاصم، میاں زاہد اقبال اور بابر عبداللہ کے علاوہ صدر پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) میر طارق حسین بگٹی اور سیکرٹری رانا مجاہد علی بقیہ نمبر50

نامور صحافی ڈاکٹر شاہین کے بیٹے کی شادی کے موقع پر دوست احباب کا دُلہا کے ہمراہ گروپ فوٹو

کوٹلی لوہاراں میں معروف ثناء خواں اللہ رکھا ندیم کی صاحبزادی کی رسم نکاح

کوٹلی لوہاراں (نامہ نگار محمد اکرم) سیالکوٹ کے گاؤں کوٹلی لوہاراں میں ایک اہم سماجی اور روحانی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جامعہ مسجد غوثیہ رضویہ تعلیم القرآن، جو کہ بوکے والی مسجد کے نام سے مشہور ہے، میں ثناخواں مصطفیٰ اللہ رکھا ندیم کی بیٹی کی رسم نکاح ادا کی گئی۔ اس محفل میں گاؤں کے لوگوں کے ساتھ ساتھ کئی اہم سیاسی وسماجی شخصیات نے شرکت کی۔ مفتی گل شیر احمد رضوی کی دعوت پر اس پروگرام میں بڑی تعداد میں لوگ شریک ہوئے، جن میں ملک ارشد، وائس چیئرمین امن کمیٹی بین المذاہب ضلع سیالکوٹ، اور رمضان کالس ٹکٹ ہولڈر ایم پی اے شامل تھے۔ بارات کی آمد پر مدرسہ کے طلباء نے بقیہ نمبر46

قلات دہشت گردی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں' راجہ ارشد کیانی

ستیانہ (نمائندہ خصوصی) راجہ ارشد کیانی آف یو کے والے نے لندن سے اپنے ایک بیان میں کہا قلات میں ہونے والی دہشت گردی واقعے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں' پاک فوج ریاستی اداروں سے اظہار یکجہتی کرتے شہداء کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں استحکام پاکستان کیلئے پوری قوم پاک افواج اور سلامتی سے وابستہ اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اسلام اور دشمنان پاکستان کے مذموم ارادوں کو قومی اتحاد سے خاک میں ملا دیں گے انہوں نے کہا دہشت گرد پاکستان ہی نہیں انسانیت اور اسلام کے بقیہ نمبر48

نامور صحافی، محقق، دانشور ڈاکٹر شاہین کے بیٹے کی شادی

معروف شخصیات کی شرکت، نوبیاہت جوڑے کو مبارکباد اور ڈھیروں دُعائیں

لاہور (پ ر) نامور صحافی، محقق، دانشور، نقاد اور لکھاری ڈاکٹر شاہین کے بیٹے کی شادی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں سیاسی، سماجی، مذہبی شخصیات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے ڈاکٹر شاہین کو مبارکباد پیش کی اور دُعا کی کہ اللہ تعالیٰ نوبیاہتا جوڑے کو لمبی اور خوشیوں والی زندگی عطا کرے اور عملی زندگی میں ڈاکٹر شاہین کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

سکندر راجہ نے تمام فیصلے پی ٹی آئی کیخلاف دیئے: مسرت چیمہ

سکندر راجہ ملازمت مکمل ہونے کے بعد انٹرا پارٹی الیکشن کیس سننے کے اہل نہیں

سپریم کورٹ فتح کرنے کے بعد اب ہائیکورٹس فتح کرنے کا عمل شروع ہو چکا' بیان

لاہور (خصوصی رپورٹر) تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ میں 3 ججز کی تعیناتی بذریعہ تبادلہ بدنیتی کی اعلیٰ ترین مثال ہے، جلسے کرنا سیاسی جماعتوں کا جمہوری حق ہے لیکن جلسے کا اعلان ہوتے ہی وزیر داخلہ کی جانب سے ایک بار پھر عوام کو دھمکیاں دی جا رہی ہیں، سکندر راجہ نے تمام فیصلے تحریک انصاف کیخلاف دیئے، مقبول ترین جماعت سے بلے کا نشان چھینا، ملازمت مکمل ہونے کے بعد انٹرا پارٹی بقیہ نمبر63

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا ڈرگ فری پنجاب ویژن

آئی جی پنجاب کی زیرنگرانی صوبہ بھر میں پولیس کے انسداد منشیات آپریشنز جاری

ایک ماہ کے دوران صوبہ بھر میں منشیات فروشوں کے ٹھکانوں پر 8840 چھاپے

منشیات دھندے میں ملوث 5303 ملزمان گرفتار، 5329 مقدمات درج

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ڈرگ فری پنجاب ویژن کی تکمیل میں آئی جی پنجاب کی زیر نگرانی صوبہ بھر میں پولیس کے انسداد منشیات آپریشنز جاری ہیں جس کے تسلسل میں رواں سال ایک ماہ کے دوران صوبہ بھر میں منشیات فروشوں کے ٹھکانوں پر 8840 چھاپے مارے گئے اور منشیات کے دھندے میں ملوث 5303 ملزمان کو گرفتار جبکہ 5329 مقدمات درج کیے گئے۔ ترجمان پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ملزمان کے قبضہ سے 3429 کلوگرام چرس، 204 کلوگرام ہیروئن، 216 کلو افیون برآمد، بقیہ نمبر62

بابا گورونانک یونیورسٹی میں تین روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

ورکشاپ کا مقصد ادارہ جاتی کارکردگی اور تعلیمی مؤثریت کو مضبوط بنانا تھا

ورکشاپ یونیورسٹی میں بہتری اور تعلیمی فضیلت کے کلچر کے فروغ کیلئے اہم ثابت

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) بابا گورو نانک یونیورسٹی (BGNU) کے کوالٹی انہانسمنٹ سیل (QEC) نے کامیابی کے ساتھ تین روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا جس کا عنوان تھا "پروگرام ریویو برائے مؤثر عمل درآمد اور بہتری (PREE) اور ادارہ جاتی کارکردگی اور بہتری کا جائزہ (RIPE)"۔ اس ورکشاپ کا مقصد ادارہ جاتی کارکردگی اور تعلیمی مؤثریت کو مضبوط بنانا تھا۔ اس تقریب میں پروفیسر ڈاکٹر سرور، ڈین فیکلٹی آف آرٹس اینڈ ہیومینیٹیز، سپیریئر یونیورسٹی، لاہور کو بطور بیرونی وسائل شخصیت مدعو کیا گیا، جنہوں نے بقیہ نمبر61

بابا گورونانک یونیورسٹی (BGNU) کے کوالٹی انہانسمنٹ سیل (QEC) نے کامیابی کے ساتھ تین روزہ تربیتی ورکشاپ کے شرکاء کا گروپ فوٹو

لاہور، لائف سٹائل پراپرٹی اینڈ فرنیچر نمائش میں چیئرمین امانہ مال عابد بٹ اور وزیر سپورٹس پنجاب ملک فیصل ایوب سٹال پر بیٹھے ہیں (فوٹو اعظم خان)

مرکزی انجمن تاجران موبائل فون ایسوسی ایشن کا انتخاب

رانا احسن سرپرست اعلیٰ' محمد ایوب' چیف آرگنائزر' حافظ زاہد جاوید صدر منتخب

چیئرمین سپریم کونسل انجمن تاجران پاکستان نعیم میر نے عہدیداران سے حلف لیا

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) مرکزی انجمن تاجران موبائل فون ایسوسی ایشن کے صدر کا چناؤ اور تقریب حلف برداری کی شاندار تقریب کا انعقاد' تفصیلات کے مطابق مرکزی انجمن تاجران موبائل فون ایسوسی ایشن کے صدر کا چناؤ اور تقریب حلف برداری کی شاندار تقریب کا انعقاد چیئرمین سپریم کونسل مرکزی انجمن تاجران پاکستان نعیم میر کی زیر صدارت مقامی شادی ہال میں منعقد ہوا اس پروگرام کے مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ننکانہ رائے ذوالفقار علی تھے، تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہوا ،موبائل فون یونین کے سالانہ انتخابات میں متفقہ طور سرپرست اعلیٰ رانا احسن ، چیف آرگنائزر محمد ایوب، چیف کوآرڈینیٹر اندر پال سنگھ ، چیئرمین چوہدری عبداللہ ، وائس چیئرمین رانا حامد علی ، سینئر وائس چیئرمین شہزاد الحق شہزاد، صدر حافظ زاہد جاوید، سینئر نائب صدر منپریت سنگھ، نائب صدر چوہدری حسنین ، جنرل سیکرٹری رانا سرمد بشیر گادھی، جوائنٹ سیکرٹری وقار احمد ، ایڈیشنل سیکرٹری محمد شکیل ، فنانس سیکرٹری بقیہ نمبر40

بیرون ملک پاکستانیوں کے مفادات کا تحفظ ہر صورت ممکن بنائیں گے، مصطفیٰ ملک

اسلام آباد (کائی نیوز) وزارت اوورسیز پاکستانیز، ہیومن ریسورز اور وزارت مذہبی امور کے فوکل پرسن غلام مصطفیٰ ملک کے اعزاز میں صدر ہیومن رائٹس ونگ PML ایلیہ ایاز چوہدری نے عشائیہ دیا جس میں مسلم لیگی قیادت شریک ہوئی، مسلم لیگی راہنماوں نے مصطفیٰ ملک کو دو وزارتوں میں بطور فوکل پرسن تقرری پر مبارکباد اور پھول پیش کیے جبکہ مصطفیٰ ملک کی تقرری کی خوشی میں راہنماوں نے کیک بھی کاٹا اس موقع پر مصطفیٰ ملک نے کہا کہ بیرون ملک پاکستانیوں کے مفادات کا ہر صورت ممکن بقیہ نمبر41

مرکزی انجمن تاجران موبائل فون ایسوسی ایشن کے عہدیداران سے چیئرمین سپریم کونسل مرکزی انجمن تاجران پاکستان نعیم میر حلف لے رہے ہیں

جماعت اسلامی نے کے الیکٹرک کو بڑا مافیا قرار دے دیا

کراچی (نیوز ڈیسک) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر نے کے الیکٹر کو پبلک سیکٹر میں بجلی پیدا کرنے والوں کا سب سے بڑا مافیا قرار دے دیا ہے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر نے کہا کہ کیا لیکٹرک پبلک سیکٹر میں بجلی پیدا کرنے والوں کا سب سے بڑا مافیا ہے، کے الیکٹرک بجلی پیدا نہیں کر رہی لیکن حکومت سبسڈی دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نجکاری کے وقت بقیہ نمبر43

لاہور سمیت صوبہ بھر میں ہفتہ وار پولیس جنرل پریڈ کا انعقاد

سینئر پولیس افسران کی جانب سے پریڈ کا معائنہ، پریڈ کے دستوں نے سلامی پیش کی

پریڈ کسی بھی فورس کے ڈسپلن کا بہترین مظاہرہ ہوتی ہے' آئی جی ڈاکٹر عثمان انور

لاہور (خصوصی رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر لاہور سمیت صوبہ بھر میں ہفتہ وار جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا۔ سینئر پولیس افسران نے پریڈ کا معائنہ کیا جبکہ پریڈ کے دستوں نے سلامی پیش کی۔ جنرل پریڈ میں پولیس لائنز، ڈولفن فورس، اینٹی رائٹ فورس، ٹریفک پولیس، مجاہد سکواڈ، ایس پی یو، لیڈیز پولیس، او سی یو، انویسٹی گیشن ونگ اور آپریشن ونگ تھانہ جات کے افسران وجوانوں نے شرکت کی۔ سینئر افسران نے پریڈ میں حصہ لینے والے افسران وجوانوں کا ٹرن آؤٹ بھی چیک کیا۔ جنرل پریڈ میں حصہ لینے والے اہلکاروں کے چاق وچوبند دستوں نے مارچ پاسٹ کیا۔ جنرل پریڈ میں لیڈیز پولیس اہلکاروں نے بھی حصہ لیا۔ آئی جی پنجاب کی ہدایت پر ہر سوموار صوبہ بقیہ نمبر42

ضرورت کورٹ رپورٹرز

www.dailyqadamat.com ••• E-mail:- dailyqadamat@gmail.com

Daily QADAMAT Lahore

روزنامہ قدامت لاہور

ایڈیٹر ایم گلزار مصطفائی

روزنامہ "قدامت" لاہور کو قصور، گوجرہ، کمالیہ، پیر محل، حافظ آباد، پنڈی بھٹیاں، ظفر وال، نارووال، سرائے عالمگیر، خوشاب، کوٹ مومن، ساہیوال ضلع سرگودھا، جوہر آباد، پسرور، ڈسکہ، بھکر، جہلم، پنڈ دادنخان، خانیوال، میاں چنوں اور جنوبی پنجاب سے کوٹ رپورٹرز درکار ہیں۔

خواهش مند حضرات رابطہ کریں

ڈپٹی ایڈیٹر: زین ملک 0300-6975542

پی آر اے ٹیکس نیٹ بڑھانے کیلئے سیالکوٹ میں اجلاس کا انعقاد

ایڈیشنل کمشنر پنجاب ریونیو اتھارٹی انجم ریاض سیٹھی نے صدارت کی' متعلقہ حکام شریک

ضلعی سطح پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اور تحصیل کی سطح پر اسسٹنٹ کمشنر کی خدمات حاصل

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل کمشنر پنجاب ریونیو اتھارٹی انجم ریاض سیٹھی نے کہا ہے کہ پنجاب ریونیو اتھارٹی کا ٹیکس نیٹ بڑھانے کیلئے حکومت پنجاب کی جانب سے دی جانے والی گائیڈ لائن کے مطابق حکمت عملی تیار کر لی گئی ہے، ضلع کی سطح پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اور تحصیل کی سطح پر اسسٹنٹ کمشنر کی خدمات حاصل کر لی گئی ہیں یہ افسران ضلع اور تحصیل کی سطح پر ایسے غیر رجسٹرڈ افراد کا ڈیٹا اکٹھا کریں گے جو تا حال ٹیکس نیٹ میں نہیں آ سکے، سیلز ٹیکس آن سروس ایکٹ کے تحت شادی ہال، ہوٹل، موٹل، گیسٹ ہاؤس، کیٹرنگ، ریسٹورنٹ، ٹی وی کیبلز اور انٹرنیٹ پرووائیڈرز سے ڈیٹا اکٹھا کر کے ان کو ٹیکس نیٹ لایا جائیگا' یہ بات انہوں نے ڈی سی آفس سیالکوٹ میں ضلعی افسران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری ، اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ انعم بابر، پسرور قمر منج، ڈسکہ ماہم مشتاق، سمبڑیال غلام فاطمہ اور ایس این اے حافظ ظہیر بھی موجود تھے۔ ایڈیشنل کمشنر نے کہا کہ بڑے ریسٹورنٹس پر الیکٹرانک بقیہ نمبر53

ایڈیشنل کمشنر پنجاب ریونیو اتھارٹی انجم ریاض سیٹھی پی آر اے کے ٹیکس نیٹ کو بڑھانے کیلئے ضلعی اور تحصیل انتظامیہ کے افسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محکمہ سپورٹس جھنگ کی زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر ایونٹس کا انعقاد کیا جائیگا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر جھنگ علی اکبر بھنڈر کی ہدایات کی روشنی میں محکمہ سپورٹس جھنگ کی جانب سے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر سپورٹس ایونٹس کا انعقاد کیا جائیگا۔ ترجمان ڈسٹرکٹ سپورٹس آفس جھنگ کے مطابق محکمہ کھیل جھنگ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر مختلف کھیلوں کا انعقاد کر رہا ہے جس بقیہ نمبر55

پاکستان ملی لیبر فیڈریشن 5 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر بھرپور طریقے سے منائے گی' میاں غلام مصطفیٰ

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستان ملی لیبر فیڈریشن 5 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر بھرپور طریقے سے منائے گی۔ اس حوالے سے فیڈریشن کے زیر اہتمام ملک بھر میں احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے تا کہ مظلوم کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا جا سکے اور عالمی برادری کی توجہ بھارت کے زیر تسلط کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی طرف دلائی جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان ملی لیبر فیڈریشن بقیہ نمبر57

محبوب علی خان
0300-9610182
زرعی سنٹر
امریکن پیسٹ کنٹرول
گھریلو وزرعی ادویات کا مرکز
ہر قسم کے بیج وکھاد بھی دستیاب ہے
پودوں کی بیماریوں کی روک تھام اور دیمک کے خاتمے کیلئے بھی رابطہ کریں
قینچی سٹاپ بالمقابل PEL فیکٹری فیروزپور روڈ لاہور

5 فروری کو یکجہتی کشمیر بھرپور طریقے سے منایا جائے گا: شبیر احمد عثمانی

مصطفیٰ آباد/للیانی (نامہ نگار+نمائندہ خصوصی) پانچ فروری کو یکجہتی کشمیر بھرپور طریقے سے منایا جائیگا، کشمیریوں پر ہونیوالے مظالم کیخلاف ہر شہر قصبہ اور دیہات میں مظاہرے کئے جائیں گے اور کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیا جائے گا، کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور ہم اپنی شہہ رگ پر بھارتی مظالم کسی صورت برداشت نہیں کر سکتے، ان خیالات کا اظہار وزیراعظم بقیہ نمبر51

ن لیگی حکومت عوامی فلاح کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے: چودھری اقبال گجر

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سابق صوبائی وزیر چوہدری اقبال گجر نے کہا ہے کہ ن لیگی حکومت عوامی فلاح کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ان تھک محنت رنگ لا رہی ہے اور معاشی بحالی کے ساتھ عوامی مشکلات اور مہنگائی میں بھی واضح کمی آ رہی ہے، آنے والے دنوں میں عوام سے کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کیا جائے گا، عوام حکومت پنجاب کی فلاحی سکیموں سے مستفید ہونے کے لئے یونین کونسل کی سطح پر بقیہ نمبر52

سندھ ایگریکلچرل انکم ٹیکس بل منظور، جنوری 2025 سے نافذ العمل

کراچی (کائی نیوز) سندھ کابینہ نے ایگریکلچر انکم ٹیکس بل 2025 کی منظوری دے دی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیرصدارت سندھ کابینہ کے اجلاس میں ایگریکلچر انکم ٹیکس بل 2025 کی منظوری دی گئی۔ ایگریکلچر انکم ٹیکس بل جنوری 2025 سے نافذ العمل ہوگا۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ حکومت نے ایگریکلچر انکم ٹیکس میں لائیو اسٹاک کو شامل نہیں کیا ہے۔ ایگریکلچر انکم بقیہ نمبر54

کراچی ایئرپورٹ پر قیمتی آئی فونز اسمگل کرنے کی کوشش ناکام

کراچی (این ایل آئی) پاکستان کسٹمز نے کراچی کے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر قیمتی آئی فونز اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی، دو ملزمان رنگے ہاتھوں پکڑے گئے۔ کسٹمز حکام کے مطابق کسٹمز حکام نے کراچی ایئرپورٹ پر موبائل فونز اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 2 مسافروں کو پکڑ لیا۔ تھائی لینڈ سے کراچی آنے والے 2 مسافروں سے 23 موبائل فون برآمد کر لیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کلکٹر کسٹم کراچی ایئرپورٹ کشمالہ تحسین نے بتایا کہ بقیہ نمبر56

ننکانہ صاحب میں پولیو کا مہم کا باقاعدہ طور پر آغاز

ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ ہسپتال میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر افتتاح کیا

خصوصی انسداد پولیو مہم 3 فروری تا 7 فروری جاری رہے گی، تسلیم اختر راؤ

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) ضلع ننکانہ صاحب میں پولیو کا مہم کا باقاعدہ طور پر آغاز کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر تسلیم اختر راو نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر پولیو مہم کا آغاز کیا۔ اس موقع پر سی او ہیلتھ ڈاکٹر طلحہ شیروانی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر کامران واجد سمیت دیگر افسران نے بھی بچوں کو پولیو اور وٹامن اے کے قطرے پلائے۔ پولیو مہم کی افتتاحی تقریب کے موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب تسلیم اختر راو نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خصوصی انسداد پولیو مہم 3 فروری تا 7 فروری جاری رہے گی، پانچ روزہ پولیو مہم میں پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جا رہے ہیں۔ ڈی سی ننکانہ نے بتایا کہ پولیو مہم کے دوران 02 لاکھ 88 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جانے کا ہدف ہے، انتظامی افسران پولیو ورکرز کی فیلڈ میں سخت مانیٹرنگ جاری رکھے ہوئے ہیں تا کہ کوئی بچہ پولیو کے قطرے پیئے بغیر نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ مانیٹرنگ کا مقصد ننکانہ کو پولیو سے پاک کرنا بقیہ نمبر60

ننکانہ صاحب، ڈاکٹر تسلیم اختر راؤ ڈی ایچ کیو ہسپتال میں بچوں کو قطرے پلا کر پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں

پی ایچ پی عوامی تحفظ' قوانین کی پاسداری کیلئے سرگرم عمل

پنجاب ہائی وے پٹرول کی ماہ جنوری 2025ء کی کارکردگی رپورٹ جاری

بذریعہ ای پولیس پوسٹ ایپ 3.3 ملین افراد کی چیکنگ' 632 گرفتاریاں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب ہائی وے پٹرول (پی ایچ پی) صوبہ بھر میں شاہرات پر شہریوں کی خدمت وتحفظ اور قوانین کی پاسداری کیلئے سرگرم عمل ہے جس کے تسلسل میں پی ایچ پی نے ماہِ جنوری 2025 کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی ہے۔ ترجمان پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے کہ پی ایچ پی نے شاہرات پر بذریعہ ای پولیس پوسٹ ایپ 3.3 ملین افراد کو چیک کیا، دورانِ چیکنگ 632 اشتہاری مجرمان اور عدالتی مفروران کو بقیہ نمبر59

سید خاور شاہ اکیڈمی کی کھیلتا پنجاب گیمز میں شاندار پرفارمنس

نوجوان کھلاڑیوں نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا' امان اللہ شان کی بات چیت

جھنگ (بیورو رپورٹ) لاہور میں منعقد ہونے والی کھیلتا پنجاب گیمز 2025 میں جھنگ کی سید خاور شاہ نیشنل آرچری اکیڈمی کے کھلاڑیوں نے فیصل آباد ڈویژن کی نمائندگی کرتے ہوئے ایک تاریخی کامیابی حاصل کی۔ کھلاڑیوں نے اپنی مہارت، محنت اور جذبے کے بل بوتے پر میدان مار لیا، اور آرچری کے میدان میں اپنی برتری قائم رکھتے ہوئے پنجاب میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اس موقع پر عالمی تربیت یافتہ کوچ، سیکرٹری پنجاب آرچری ایسوسی ایشن امان اللہ شان کا کہنا تھا کہ سید خاور شاہ نیشنل آرچری اکیڈمی کے ان نوجوان کھلاڑیوں نے نہ صرف اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا بلکہ پورے فیصل آباد ڈویژن کا نام روشن کیا ان کی یہ کامیابی جھنگ کے لیے فخر کا بقیہ نمبر58

جھنگ، کھیلتا پنجاب گیمز میں فیصل آباد ڈویژن کی نمائندگی کرتے ہوئے جھنگ سے تعلق رکھنے والی آرچری ٹیم کا گولڈ میڈل حاصل کرنے کے بعد ڈی جی سپورٹس خضر افضال کیساتھ گروپ فوٹو

پبلشر ایم گلزار نے فاسٹ میڈیا پرنٹرز سے چھپوا کر فورتھ فلور خلیج ٹاور 38 اے جیل روڈ لاہور سے شائع کیا' جوائنٹ ایڈیٹر: محبوب اے خان' ریذیڈنٹ ایڈیٹر جھنگ یوسف رضا بھٹی' ڈپٹی ایڈیٹر زین ملک' سینئر ایڈیٹر: ایم فہیم اکرم' ایڈیٹر انویسٹی گیشن: میاں مشتاق